Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 | منگل، 02 مئی، 2023ء، 11 شوال المکرم 1444ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 21

رجسٹرار آفس نے پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیوں کی بحالی کی درخواست کو اعتراضات لگا کر واپس کر دیا، شہری رائے اشتیاق احمد نے دونوں اسمبلیوں کی بحالی کی درخواست دائر کی تھی

پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیوں کی بحالی کی درخواست پر اعتراض عائد

رجسٹرار آفس نے اعتراض لگاتے ہوئے کہا کہ درخواست گزار نے متعلقہ فورم کی دستیابی کے باوجود وہاں رجوع نہیں کیا، اسمبلیوں کی بحالی کے کیس میں درخواست گزار متاثرہ فریق نہیں

پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیوں کی بحالی کی درخواست پر سپریم کورٹ کے رجسٹرار آفس نے اعتراضات لگا دیئے درخواست میں آرٹیکل 184/3 اختیار کے استعمال کا کوئی آئینی جواز پیش نہیں کیا گیا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیوں کی بحالی کی درخواست پر سپریم کورٹ کے رجسٹرار آفس نے اعتراضات لگا دیئے۔ رجسٹرار آفس نے پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیوں کی بحالی کی درخواست کو اعتراضات لگا کر واپس کر دیا، شہری رائے اشتیاق احمد نے دونوں اسمبلیوں کی بحالی کی درخواست دائر کی تھی۔ رجسٹرار آفس نے اعتراض لگاتے ہوئے کہا کہ درخواست گزار نے متعلقہ فورم کی دستیابی کے باوجود وہاں رجوع نہیں کیا، اسمبلیوں کی بحالی کے کیس میں درخواست گزار متاثرہ فریق نہیں، درخواست میں آرٹیکل 184/3 اختیار کے استعمال کا کوئی آئینی جواز پیش نہیں کیا گیا۔ پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیوں کی بحالی کی درخواست پر سپریم کورٹ کے رجسٹرار آفس نے اعتراضات لگا دیئے۔ رجسٹرار آفس نے پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیوں کی بحالی کی درخواست کو اعتراضات لگا کر واپس کر دیا، شہری رائے اشتیاق احمد نے دونوں اسمبلیوں کی بحالی کی درخواست دائر کی تھی۔ رجسٹرار آفس نے اعتراض لگاتے ہوئے کہا کہ درخواست گزار نے متعلقہ فورم کی دستیابی کے باوجود وہاں رجوع نہیں کیا، اسمبلیوں کی بحالی کے کیس میں درخواست گزار متاثرہ فریق نہیں، درخواست میں آرٹیکل 184/3 اختیار کے استعمال کا کوئی آئینی جواز پیش نہیں کیا گیا۔ پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیوں کی بحالی کی درخواست پر سپریم (بقیہ نمبر 1)

عمران خان کے بطور وزیراعظم بیرون ممالک دوروں پر 11 ارب 15 کروڑ خرچ

شہباز شریف کے مالی سال 23-2022 کے پہلے 9 ماہ میں، ایک ارب 31 کروڑ 13 لاکھ 91 ہزار روپے اخراجات آئے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) عمران خان کے بطور وزیراعظم اور وفود کے ہمراہ بیرون ممالک دوروں پر 3 سال میں 11 ارب 15 کروڑ 43 لاکھ 4 ہزار روپے کے اخراجات ہوئے ہیں۔ سابق وزیراعظم عمران خان کے پہلے مالی سال 2019-2018 (بقیہ نمبر 4)

ملک کو حکومت نہیں مزدور چلا رہا ہے، سراج الحق

غریب مزدور پاکستان کی خاطر اپنا خون نچھاور کر رہا ہے، ملک کو حکومت نہیں مزدور چلا رہا ہے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (خصوصی رپورٹر) امیر جماعت اسلامی سراج الحق کا کہنا ہے کہ غریب مزدور پاکستان کی خاطر اپنا خون نچھاور کر رہا ہے، ملک کو حکومت نہیں مزدور چلا رہا ہے۔ امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے پنجاب اسمبلی کے سامنے مزدور ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر 3)

عمران خان کی قیادت میں تحریک انصاف کی مزدور ریلی، کارکنوں کی بڑی تعداد شریک

پاکستان تحریک انصاف کی ریلی کا آغاز لبرٹی چوک سے ہو رہا ہے، جو فیروز پور روڈ سے ہوتی ہوئی ایم اے او کالج پہنچے گی

لاہور (خبرنگار) سابق وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں پاکستان تحریک انصاف کی "مزدور ریلی" نکالی جا رہی ہے، جس میں بڑی تعداد میں پی ٹی آئی کے کارکن شریک ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف کی ریلی کا آغاز لبرٹی چوک سے ہو رہا ہے جو فیروز پور روڈ سے (بقیہ نمبر 2)

مزدوروں کے حقوق کو پورا کرنا اور ان کو معاشی ترقی میں حصہ دار بنانا میرے خیال میں عالمی معیشت کے لئے ایک بنیادی چیلنج ہے، شہباز شریف

مزدوروں کو معاشی ترقی میں حصہ دار بنانا بنیادی چیلنج ہے، وزیراعظم

شہباز شریف نے کہا کہ ترقی کی وہ عمارت جو محنت کی بنیاد پر کھڑی ہے اگر اس کی تعمیر کرنے والوں کو ترقی کے ثمرات سے محروم رکھا گیا تو یہ عمارت ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جائے گی

حقیقت یہ ہے کہ عالمی منڈیوں میں اتار چڑھاؤ نے محنت کش طبقے کی معاشی مشکلات میں شدید اضافہ کیا ہے، اجناس کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے وہ معاشی طور پر شدید دباؤ میں ہیں

اسلام آباد (خصوصی خبرنگار) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مہنگائی کے باعث محنت کش طبقہ معاشی طور پر شدید دباؤ میں ہے، مزدوروں کو معاشی ترقی میں حصہ دار بنانا بنیادی چیلنج ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے ٹوئٹ میں شہباز شریف کا کہنا تھا کہ آج جبکہ ہم محنت کشوں کے عالمی دن پر انہیں خراج تحسین پیش کر رہے ہیں، حقیقت یہ ہے کہ عالمی منڈیوں میں اتار چڑھاؤ نے محنت کش طبقے کی معاشی مشکلات میں شدید اضافہ کیا ہے، اجناس کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے وہ معاشی طور پر شدید دباؤ میں ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ ترقی کی وہ عمارت جو محنت کی بنیاد پر کھڑی ہے اگر اس کی تعمیر کرنے والوں کو ترقی کے ثمرات سے محروم رکھا گیا تو یہ عمارت ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جائے گی۔ وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ مزدوروں کے حقوق کو پورا کرنا اور ان (بقیہ نمبر 5)



اسلام آباد: مزدوروں کے عالمی دن کے حوالے سے گفتگو کر رہے ہیں

حکومت محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے سرگرم ہے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے سرگرم ہے، مزدوروں کا عالمی دن نہ صرف محنت کشوں کے تقدس (بقیہ نمبر 6)

سپریم کورٹ میں ججز کی تعیناتی، جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کا جوڈیشل کمیشن کو خط

پشاور اور سندھ ہائیکورٹ کے چیف جسٹس کو سپریم کورٹ کیلئے نامزد کرنے کی سفارش کی گئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) سپریم کورٹ میں 2 ججز کی تعیناتی کا معاملہ، عدالت عظمیٰ کے سینئر ترین جج جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے جوڈیشل کمیشن کو خط لکھ دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کا خط جوڈیشل کمیشن کے تمام ارکان کو ارسال کر دیا گیا۔ خط میں پشاور اور سندھ ہائیکورٹ کے (بقیہ نمبر 7)

عوام آئین کی خلاف ورزی کرنے والے مافیا کو برداشت نہیں کرینگے عمران خان

ہماری یوم مئی کی ریلی کیلئے لاہور سے زبردست رسپانس ملا، شاندار آغاز کے بعد ریلی اور بھی زور پکڑ رہی ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

ہماری عوام سپریم کورٹ کے احکامات اور آئین کی خلاف ورزی کرنے والے مافیا کو برداشت نہیں کریں گے، چیئرمین پی ٹی آئی

لاہور (نامہ نگار) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے کہا ہے کہ لاہور کی ریلی ان لوگوں کیلئے ایک انتباہ ہے جو سپریم کورٹ اور آئین کی خلاف ورزی کا سوچ رہے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر سابق وزیراعظم عمران خان نے یوم مئی کی ریلی میں بھرپور عوامی شرکت کی (بقیہ نمبر 13)

لاہور: سابق وزیراعظم عمران خان گفتگو کر رہے ہیں

ہمارے اقدامات کے باعث پنجاب میں دہشت گردی کے سورج کا خاتمہ ہو چکا ہے، رانا ثناء اللہ

میرے حلقے کا الیکشن سب سے زیادہ مشکل ہوگا کیونکہ میرے خلاف سب سے زیادہ زور لگائیں گئے وزیر داخلہ

انہوں نے کہا کہ الیکشن اسی سال ہوں گے، جب بھی انتخابات ہوئے ڈٹ کر حصہ لیں اور تنگڑے ہو کر سیاست بھی کریں گے

فیصل آباد (اسپیشل رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ وصوبائی صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) پنجاب رانا ثنااللہ خان نے کہا ہے کہ جن لوگوں نے کلاشنکوف چلانے کے سوا ساری عمر کوئی کام نہیں کیا انہیں عمران خان کی قیادت میں کے پی کے حکومت نے واپس بلا کر کہا کہ آجائیں اور یہاں شریف (بقیہ نمبر 8)

حکومت اور تحریک انصاف کے درمیان جاری مذاکرات (آج) دوبارہ ہونگے، احسن اقبال

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) حکومت اور تحریک انصاف کے درمیان جاری مذاکرات (آج) منگل کو دوبارہ ہونگے۔ تفصیلات کے مطابق حکومت سے جاری مذاکرات کے کامیاب نتائج کی راہ ہموار کرنے کیلئے پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ عمران خان کی جانب سے قومی اسمبلی 14 مئی تک تحلیل کرنے کے مطالبے کے بعد حکومتی اتحاد نے ان کے الٹی میٹم کو ناقابل عمل قرار دیتے ہوئے کہا (بقیہ نمبر 11)

سوڈان سے پھنسے ہوئے پاکستانیوں کی وطن واپسی

پی آئی اے کی ایک پرواز نے، 93 پاکستانیوں کو ریاض سے اسلام آباد پہنچایا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان کے معزز وزیراعظم کی ہدایت پر اور پاکستان کے معزز وزیر خارجہ کی نگرانی میں، وزارت خارجہ نے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز بشمول وزارت اوورسیز (بقیہ نمبر 9)

میرے گھر پر آپریشن ہوا لیکن پی ٹی آئی کارکنان نہیں نکلے، پرویز الٰہی

کئی گھنٹے آپریشن ہوتا رہا لیکن پی ٹی آئی کارکن زمان پارک میں بیٹھے رہے

لاہور (اسپیشل رپورٹر) دو روز قبل پولیس کی جانب سے سابق وزیراعلیٰ چوہدری پرویز الٰہی کے گھر پر چھاپہ مارا گیا جس دوران توڑ پھوڑ بھی ہوئی۔ پنجاب پولیس کی جانب سے یہ چھاپہ پرویز الٰہی کی گرفتاری کے لیے مارا گیا تھا تاہم وہ انہیں گرفتار کرنے میں کامیاب نہ ہو سکے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق (بقیہ نمبر 10)

معاشرے میں ورکرز کا کردار ہمیشہ بہت اہم رہا ہے، کمشنر راولپنڈی

ہاتھ سے کام کرنے والے کو معاشی ترقی میں انتہائی اہم مقام حاصل ہے، لیاقت علی چٹھہ

رپورٹ (عبدالرحمان سے) راولپنڈی نجی آئل ریفائنری میں انٹرنیشنل لیبر ڈے کے حوالے سے تقریب کا انعقاد۔ تقریب میں کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ نے بطور مہمان خصوصی (بقیہ نمبر 14)

راولپنڈی: کمشنر راولپنڈی ڈویژن لیاقت علی چٹھہ مزدورں کے عالمی دن کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

یوم مزدور کے موقع پر اٹک آئل ریفائنری میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا

ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر راولپنڈی ڈویژن سمیع اللہ سمیت ورکرز اور مزدوروں نے بڑی تعداد میں شرکت

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) یوم مزدور کے موقع پر اٹک آئل ریفائنری میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی (بقیہ نمبر 15)

عمران خان سازش کرنا بند کر دیں مزدور کے حالات ٹھیک ہو جائیں گے، نواز مریم

پتہ نہیں تھا مسلم لیگ ن کا لیبر ونگ اتنا متحرک ہے، دیکھ کر خوشی ہوئی، ہمارے محنت کش ملک کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، چیف آرگنائزر ن لیگ

نواز شریف نا کھاتا ہے نا کھانے دیتا ہے، یہ کھاتے بھی ہیں اور کھانے بھی دیتے ہیں، عمران خان کی سازش کو سمجھنے کی ضرورت ہے

لاہور (خصوصی خبرنگار) مسلم لیگ ن کی چیف آرگنائزر مریم نواز کا کہنا ہے کہ عمران خان سازش کرنا بند کر دیں، مزدور کے حالات ٹھیک ہو جائیں گے۔ لاہور میں مزدوروں کے عالمی دن کے موقع پر کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز کا کہنا تھا کہ پتہ نہیں تھا مسلم لیگ ن کا لیبر ونگ اتنا متحرک ہے، دیکھ کر خوشی ہوئی، ہمارے محنت کش ملک کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، وزیراعظم سے درخواست کرونگی کہ مزدور کی کم سے کم تنخواہ 40 ہزار ماہانہ ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مشکل اور سخت معاشی حالات کے باوجود وزیراعظم نے ماہانہ تنخواہ 35 ہزار روپے کی، 2017 میں روٹی 2 روپے کی تھی اور مزدور کے بچے پیٹ بھر کر روٹی کھاتے تھے، آج سب سے زیادہ ترقی میں ہاتھ مزدور کا ہے اور ان کو روٹی نہیں مل رہی۔ مریم نواز نے کہا کہ اس ملک کی ترقی (بقیہ نمبر 12)

لاہور: مسلم لیگ ن کی چیف آرگنائزر مریم نواز کا کہنا ہے کہ عمران خان سازش کرنا بند کر دیں، مزدور کے حالات ٹھیک ہو جائیں گے

صوبائی حکومت مزدوروں کے حقوق کی موثر ادائیگی میں کوشاں ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (نیوز رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کا مزدوروں کے عالمی دن پر پیغام میں کہا کہ آج کا دن 1886 کے شہدائے شکاگو کی کوششوں اور جدوجہد کو خراج (بقیہ نمبر 16)

یوم مزدور کے موقع پر اٹک آئل ریفائنری میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا

ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر راولپنڈی ڈویژن سمیع اللہ سمیت ورکرز اور مزدوروں نے بڑی تعداد میں شرکت

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) یوم مزدور کے موقع پر اٹک آئل ریفائنری میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی (بقیہ نمبر 15)

سابق اے سی غلام عباس کی محنت پر پانی پھرنا شروع جہاں سے دیوہیکل بورڈ اکھاڑے تھے وہاں انکی تنصیب کا کام دھڑلے سے جاری

گوجر خان میں دیوہیکل ہورڈنگ بورڈز انسانی زندگیوں کو خطرات لاحق

شہریوں کا کمشنر ڈی سی RWP نوٹس لینے کا مطالبہ

مافیا طاقتور پیسے کی چمک نے انتظامیہ کو آنکھیں موندنے پر مجبور کیا اتنا بڑا بورڈ نصب ہو گیا انتظامیہ ٹس سے مس نہیں مقامی شہری

دیوہیکل بورڈز انتظامی اداروں کی ملی بھگت سے لگائے جا رہے ہیں انتظامیہ نے ایکشن لینے کے بجائے مافیا کو کھلی چھوٹی دی ہے عوامی حلقے

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گوجر خان میں دیوہیکل ہورڈنگ سائن بورڈز کی بھرمار عمارتوں اور جی ٹی روڈ کی اطراف میں بڑے بڑے دیوہیکل ہورڈنگ سائن بورڈز انسانی زندگیوں کے لیے سخت خطرہ بننے لگے جبکہ سپریم کورٹ آف پاکستان کی جانب سے ان ہورڈنگ سائن بورڈز کو غیر قانونی قرار دیے جانے کے باوجود بھی انکی تنصیب کا کام دھڑلے سے جاری ہے جو کہ اعلیٰ عدلیہ کی حکم عدولی اور انکے احکامات کو ہوا میں اڑایا جا رہا ہے شہری حلقوں نے کمشنر راولپنڈی اور ڈی سی راولپنڈی اس چیز کا سختی سے نوٹس لینے اور شہریوں کی زندگیوں کو تحفظ فراہم کروانے میں اپنا کلیدی کردار نبھانے کا مطالبہ کر دیا سابق اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان مہر غلام عباس ہرل نے جس طرح ان غیر قانونی ہورڈنگ سائن بورڈز کے خلاف کریک ڈاون شروع کیا تھا اور شہر کی مین (بقیہ نمبر 19)

گوجر خان: جی ٹی روڈ کی اطراف میں بڑے بڑے دیوہیکل ہورڈنگ سائن بورڈز انسانی زندگیوں کے لیے سخت خطرہ بننے لگے

قومی ترقی کی عظیم جدوجہد میں ہمارے جواں ہمت محنت کشوں کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔، چیئرمین سینیٹ و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی و ڈپٹی چیئرمین سینیٹ مرزا محمد آفریدی نے محنت کشوں کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قومی ترقی کی عظیم جدوجہد میں ہمارے جواں ہمت محنت کشوں کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ پاکستان ان تمام سنہری (بقیہ نمبر 20)

مولانا فضل الرحمٰن کا انکار جمہوریت کی خوبصورت نشانی ہے: کشور زہرا

حکومتی مذاکراتی ٹیم کی رکن نے کہا کہ اتحادی حکومت کی حکمتِ عملی ملک بچانے کی ہے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) حکومتی مذاکراتی ٹیم کی رکن کشور زہرا نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کا مذاکرات سے انکار کرنا جمہوریت کی خوبصورت نشانی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومتی اور پی ٹی آئی دونوں مذاکراتی ٹیمیں نیک نیتی سے کام کر رہی ہیں۔ کشور زہرا نے کہا کہ حکومتِ وقت بات چیت کے لیے تیار بیٹھی ہے۔ حکومتی مذاکراتی ٹیم کی رکن نے (بقیہ نمبر 21)

حکومت وقت ڈیفالٹر ایڈ ایجنسی کے خلاف کارروائی کرے

تمام ڈیفالٹر ایڈ ایجنسی کے مالکان لوکل، ریجنل اخبارات کے واجبات فوری طور پر ادا کریں

اخبارات کے واجبات نہ ملنے سے اخباری صنعت، شدید معاشی بدحالی کا شکار ہو گی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) حکومت وقت ڈیفالٹر ایڈ ایجنسی کے خلاف کاروائی کرے اور لوکل / ریجنل اخبارات کے واجبات فوری طور پر دلوائے جائیں، ایڈ ایجنسی سرکل، ایم کام، ایڈریچ، میڈاس پرایوٹ لیمٹڈ سمیت دیگر تمام ڈیفالٹر ایڈ ایجنسی کے مالکان لوکل / ریجنل (بقیہ نمبر 26)

پی ٹی آئی ریلی، لاہور میں میٹرو بس سروس مکمل طور پر معطل

پولیس کا کہنا ہے کہ اسلام آباد میں دفعہ 144 پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا

پی ٹی آئی ریلی کے باعث راولپنڈی سے اسلام آباد جانے والے راستے بھی بند کر دیئے گئے

لاہور (سٹی رپورٹر) لاہور میں میٹرو بس سروس معطل کر دی گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پی ٹی آئی آج لاہور میں لبرٹی چوک سے ناصر باغ تک ریلی نکالے گی، ریلی اور سکیورٹی خدشات کے باعث میٹرو بس سروس کا آپریشن مکمل طور پر معطل کر دیا گیا ہے۔ دوسری جانب پی ٹی آئی ریلی کے باعث راولپنڈی سے اسلام آباد جانے والے راستے بھی بند کر دیئے گئے، مری روڈ کو فیض آباد کے مقام پر کنٹینر لگا کر بند دیا گیا جس کی وجہ سے گاڑیوں قطاریں لگ گئیں۔ یاد رہے کہ اسلام آباد کی حدود میں (بقیہ نمبر 28)

جو حکومت صرف مقدمات ختم کروانے کیلئے آئی ہے، مسرت جمشید

پاکستان میں سب کے حقوق ہیں سوائے مزدور کے، مزدور ایسا بدقسمت طبقہ ہے جس کو اس کی اجرت نہیں ملتی

عمران خان کے دور میں سب سے زیادہ مزدور طبقے کو فائدہ ہوا، پی ٹی آئی دور میں کسانوں کو 2600 ارب روپے کا فائدہ ہوا

لاہور (نامہ نگار) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت صرف مقدمات ختم کروانے کے لئے آئی ہے۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مسرت جمشید چیمہ کا کہنا تھا کہ پاکستان میں سب کے حقوق ہیں سوائے مزدور کے، مزدور ایسا بدقسمت طبقہ ہے (بقیہ نمبر 17)

صوبہ بھر میں گریڈ 18 کے سینئر میڈیکل آفیسر کی ابتدائی سنیارٹی لسٹ جاری

لاہور (جنرل رپورٹر) محکمہ صحت کی طرف سے صوبہ بھر میں گریڈ 18 کے سینئر میڈیکل آفیسر کی ابتدائی سنیارٹی لسٹ جاری کر دی۔ سیکرٹری پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ کی ہدایت پر سیکشن آفیسر پروموشن کمیٹی نے ڈی جی ہیلتھ (بقیہ نمبر 22)

صادق آباد پولیس کی کاروائی، چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) صادق آباد پولیس کی کاروائی، چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم غلام (بقیہ نمبر 25)

وزیر مذہبی امور کی عازمین حج سے آب زم زم کی مد میں اضافی پیسے وصول کرنے کی خبروں کی تردید

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وزارت برائے مذہبی امور نے عازمین حج سے آب زم زم کی مد میں اضافی پیسے وصول کرنے کی خبروں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس مد میں کوئی اضافی رقم نہیں (بقیہ نمبر 29)

سابق گورنر پنجاب عمر سرفراز چیمہ کیخلاف گوجرانوالہ میں پرچہ کٹ گیا

مقدمہ مہوش نامی خاتون کی مدعیت میں تھانہ گکھڑ میں درج کیا گیا

عمر سرفراز چیمہ اور تنویر صفدر کی ایما پر اغوا کرنے کی کوشش کی گئی، خاتون کا مؤقف

گوجرانوالہ (خصوصی رپورٹر) عمر سرفراز چیمہ کیخلاف پرچہ کٹ گیا۔ تفصیلات کے مطابق سابق گورنر پنجاب اور پی ٹی آئی رہنما عمر سرفراز چیمہ کیخلاف تھانہ گکھڑ میں مقدمہ درج کیا گیا (بقیہ نمبر 23)

عالمی یوم مزدور ڈے پر سید شبر عباس کے آفس میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

پیپلز پارٹی نے عملی جدوجہد کی اسی لیے مزدور آج بھی بھٹو زندہ ہے کا نعرہ بلند کرتے ہیں سید شبر عباس

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق عالمی یوم مزدور ڈے کی نسبت سے گوجر خان میں بھی مزدوروں کے سے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے ایک پروقار تقریب کا انعقاد سید شبر (بقیہ نمبر 24)

عالمی یوم مزدور ڈے پر سید شبر عباس کے آفس میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا

کولہی اسٹوڈنٹس ایسوسیئشن کی جانب سے مزدوروں کا عالمی دن منایا گیا

پریم راٹھور کولہی کی قیادت میں مین محمدی چوک پر مزدوروں کو پھولوں کے ہار پہنا کر خراج تحسین پیش کیا

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) یکم مئی مزدوروں کے عالمی دن کے موقع پر کولہی اسٹوڈنٹس ایسوسیئشن کی جانب سے مزدوروں کا عالمی دن منایا گیا۔ کولہی اسٹوڈنٹس ایسوسیئشن کے (بقیہ نمبر 30)

سابق اے سی غلام عباس کی محنت پر پانی پھرنا شروع جہاں سے دیوہیکل بورڈ اکھاڑے تھے وہاں انکی تنصیب کا کام دھڑلے سے جاری

خود گاڑی میں سے خطاب کر رہا لوگ گرمی میں پیدل چل کر بے حال ہیں، مریم اورنگزیب

فارن فنڈڈ سازشی فتنہ خود گاڑی میں سے خطاب کر رہا ہے جبکہ لوگ گرمی میں پیدل چل کر بے حال ہیں، وفاقی وزیر اطلاعات

2 کروڑ کو غربت کی لکیر سے نیچے اور 60 لاکھ کو بے روزگار کرنے والا گاڑی سے باہر نہیں نکل سکتا، مریم اورنگزیب کی گفتگو

لاہور: فتنہ خود گاڑی میں سے خطاب کر رہا، لوگ گرمی میں پیدل چل کر بے حال ہیں، مریم اورنگزیب

لاہور (خصوصی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کی رہنما اور وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ فارن فنڈڈ سازشی فتنہ خود گاڑی میں سے خطاب کر رہا ہے جبکہ لوگ گرمی میں پیدل چل کر بے حال ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ منہ پر بالٹی ڈال کر سکیورٹی لیتا ہے اور لوگ گرمی میں پیدل چل کر بے حال ہیں، انہوں نے کہا کہ کیسا بے حس اور بے شرم بندہ ہے گاڑی میں بیٹھ کر پوچھتا ہے لگتا ہے آپ لوگ تھک گئے ہیں؟ وفاقی وزیر اطلاعات نے مزید کہا کہ کیا کرے؟ کیسے نکلے گاڑی سے باہر؟ انہوں نے کہا کہ 2 کروڑ کو غربت کی لکیر سے نیچے اور 60 (بقیہ نمبر 27)

پرویز الٰہی کے گھر آپریشن، چوہدری شجاعت حسین کا بیان سامنے آ گیا

پولیس پرویز الٰہی کے گھر گئی تو انہیں بتایا گیا کہ وہ چوہدری شجاعت کے گھر ہیں

لاہور (نیوز رپورٹر) پرویز الٰہی کے گھر آپریشن، چوہدری شجاعت حسین کا بیان سامنے آ گیا۔ تفصیلات کے مطابق سربراہ مسلم لیگ ق چوہدری شجاعت حسین نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس رات پیش آنے والے واقعہ پر روشنی ڈالوں گا، ایسی بات نہیں کرنا چاہتا ہے کہ ملکی سطح پر معاملات مزید خراب ہوں، پاکستان بہت پریشانیوں میں گھرا ہوا ہے، کچھ لوگ واقعات کو غلط رنگ دے کر پاکستان میں عجیب کیفیت پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ پولیس پرویز الٰہی کے گھر گئی تو انہیں بتایا گیا کہ پرویز الٰہی چوہدری شجاعت کے گھر ہیں، پولیس والے پرویز الٰہی کے گھر کو چھوڑ کر میرے گھر کی طرف دوڑ (بقیہ نمبر 18)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Laikaar

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

صحت کارڈ کی سہولت بحال

خیبر پختونخوا میں پاکستان تحریک انصاف کے دور حکومت میں شروع کیے گئے منصوبے صحت سہولت کارڈ کو بحال کر دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انشورنس کمپنی نے سہولت کارڈ کی بحالی کا اعلامیہ بھی جاری کر دیا ہے۔ فنڈز کی عدم ادائیگی کے باعث پروگرام کئی روز بند رہا اور صوبائی دارالحکومت پشاور سمیت خیبر کے کئی اضلاع اور تحصیلوں کے سرکاری و نجی ہسپتالوں میں لاکھوں مریضوں کو مشکل کا سامنا کرنا پڑا، ادویات کے حصول میں بھی مسائل پیش آئے اور بعض علاقوں میں شہری سراپا احتجاج بھی رہے۔ صوبائی مشیر صحت عابد جمیل نے اب میڈیا کو بتایا ہے کہ انشورنس کمپنی کو دو ارب روپے جاری کر دیئے ہیں جبکہ مزید دو ارب بھی جلد جاری کر دیئے جائیں گے۔ عید الفطر کی تعطیلات کے دوران ہسپتالوں میں داخل ہونے والے مریض اور ان کے لواحقین نے ہیلتھ کارڈ کی بحالی کو خوش آئند قرار دیا۔ نگران حکومت کو چاہیئے کہ وہ آئندہ صحت کارڈ کی سہولت میں کسی صورت رکاوٹ پیدا نہ ہونے دے تاکہ مستحق اور نادار مریض مفت علاج کی سہولت سے استفادہ کرتے رہیں۔ خیبر پختونخوا میں پاکستان تحریک انصاف کے دور حکومت میں شروع کیے گئے منصوبے صحت سہولت کارڈ کو بحال کر دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انشورنس کمپنی نے سہولت کارڈ کی بحالی کا اعلامیہ بھی جاری کر دیا ہے۔ فنڈز کی عدم ادائیگی کے باعث پروگرام کئی روز بند رہا اور صوبائی دارالحکومت پشاور سمیت خیبر کے کئی اضلاع اور تحصیلوں کے سرکاری و نجی ہسپتالوں میں لاکھوں مریضوں کو مشکل کا سامنا کرنا پڑا، ادویات کے حصول میں بھی مسائل پیش آئے اور بعض علاقوں میں شہری سراپا احتجاج بھی رہے۔ صوبائی مشیر صحت عابد جمیل نے اب میڈیا کو بتایا ہے کہ انشورنس کمپنی کو دو ارب روپے جاری کر دیئے ہیں جبکہ مزید دو ارب بھی جلد جاری کر دیئے جائیں گے۔ عید الفطر کی تعطیلات کے دوران ہسپتالوں میں داخل ہونے والے مریض اور ان کے لواحقین نے ہیلتھ کارڈ کی بحالی کو خوش آئند قرار دیا۔ نگران حکومت کو چاہیئے کہ وہ آئندہ صحت کارڈ کی سہولت میں کسی صورت رکاوٹ پیدا نہ ہونے دے تاکہ مستحق اور نادار مریض مفت علاج کی سہولت سے استفادہ کرتے رہیں۔ خیبر پختونخوا میں پاکستان تحریک انصاف کے دور حکومت میں شروع کیے گئے منصوبے صحت سہولت کارڈ کو بحال کر دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انشورنس کمپنی نے سہولت کارڈ کی بحالی کا اعلامیہ بھی جاری کر دیا ہے۔ فنڈز کی عدم ادائیگی کے باعث پروگرام کئی روز بند رہا اور صوبائی دارالحکومت پشاور سمیت خیبر کے کئی اضلاع اور تحصیلوں کے سرکاری و نجی ہسپتالوں میں لاکھوں مریضوں کو مشکل کا سامنا کرنا پڑا، ادویات کے حصول میں بھی مسائل پیش آئے اور بعض علاقوں میں شہری سراپا احتجاج بھی رہے۔ صوبائی مشیر صحت عابد جمیل نے اب میڈیا کو بتایا ہے کہ انشورنس کمپنی کو دو ارب روپے جاری کر دیئے ہیں جبکہ مزید دو ارب بھی جلد جاری کر دیئے جائیں گے۔

"جب مداری کو بھوک لگتی ہے تو بندر کو ناچنا پڑتا ہے"

تحریر کنندہ: محمد احسان غوث

چند ہفتے پہلے جب پنجاب پولیس زمان پارک لاہور میں عمران خان کے گھر پر آپریشن میں مصروف تھی تو وہاں پولیس اہلکار نے ایک مثال دی کہ "جب مداری کو بھوک لگتی ہے تو ناچنا بندر کو ہی پڑتا ہے" ان صاحب کا یہ ایک جملہ اپنے اندر بہت سے تلخ حقائق کو سموئے ہوئے ہے۔ ان کے اس جملے کو اگر آئندہ آنے والے انتخابات کی مد میں دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ میرے ملک کے سیاسی مداریوں کی بھوک بھی عروج پر پہنچنے والی ہے۔ انہی سیاسی مداریوں کی بھوک ختم کرنے کے لیے لاکھوں کروڑوں بندروں کو ناچنا پڑے گا۔ اس الیکشن کے بعد بھی ان تمام ناچنے والوں کے حالات ہمیشہ کی طرح ویسے ہی رہیں گے جیسے الیکشن سے پہلے تھے۔ اس کا قصوروار مداری ہو بندریا ان کے علاوہ کوئی اور لیکن حقیقت یہی ہے کہ یہ تمام حالات و واقعات ہر 5 سال بعد دہرائے جاتے ہیں اور 75 سال گزرنے کے باوجود بندر نہ تو ان مداریوں کا پیٹ بھرنے میں کامیاب ہو سکے اور نہ ہی اپنے حالات بدل سکے۔ اتنے سال گزرنے کے بعد بھی وہ بندر اسی مقام پر کھڑے ہیں جہاں سے آغاز کیا تھا۔ اس مداری اور بندر کی کی کہانی میں اگر کبھی بندر کو اپنے حالات بدلنے کا خیال آ بھی جائے تو مداریوں کو اپنے مستقبل کی فکر پڑھ جاتی ہے۔ اور بندر کے خیالات زمیں بوس ہو جاتے ہیں۔ مفتاح اسماعیل صاحب جو سابقہ وزیر خزانہ ہیں ان کے ساتھ آپ ہزار باتوں سے اختلاف کر سکتے ہیں مگر پچھلے دنوں انہوں نے اپنی تقریر میں چند انتہائی اہم باتیں کیں کہ پاکستان میں تمام آسائشیں صرف ایک فیصد لوگوں کے لیے ہیں۔ اس وقت ہماری پارلیمنٹ اور عدلیہ میں آپ کو زیادہ تر لوگ وہ ملیں گے جو بڑے بڑے اداروں سے پڑھ کر آئے ہیں۔ ان چند لاکھ لوگوں کی خوش قسمتی ہے کہ وہ امیر گھروں میں پیدا ہوئے۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے باپ دادا سیٹھ یا نواب تھے۔ ان علاوہ باقی ننانوے فیصد آبادی کو یہاں تک پہنچنے کا موقع ہی نہیں ملتا۔ وہ آج بھی اسی ہی کھڑے ہیں جہاں 75 سال پہلے تھے۔ اس سب صورتحال کو دیکھ کر بھی میرے ملک کی ایلیٹ کلاس کے دل میں کبھی یہ احساس پیدا نہیں ہوا کہ میرے ملک میں ہر سال لاکھوں بچے وسائل نہ ہونے کی وجہ سے آگے نہیں بڑھ سکتے۔ ایک بات یاد رکھیے گا کہ کسی بھی ہجوم کے قوم بننے کے لئے جن بنیادی چیزوں کی ضرورت ہوتی ہیں ان میں سے ایک احساس ہے۔ اسی احساس کی وجہ سے دولت، شہرت، امیری، غریبی کے معیار بہت پیچھے رہ جاتے ہیں اور ایک قوم سامنے آتی ہے۔ اور اس وقت 22 کروڑ کے ہجوم کا قوم بننا ہی میرے ملک پاکستان کی سب سے اہم ضرورت ہے۔ اور ہجوم کو قوم بنائے بغیر اکھٹا رکھنا بعض اوقات بہت مشکل ہو جاتا ہے۔

عالمی یوم مزدور، اک سوالیہ نشان

روبینہ فیصل

عالمی یوم مزدور گو کہ منایا تو ہر سال جاتا ہے اور اسی ضمن میں عام تعطیل کا انعقاد بھی آئے سال معمول بن چکا ہے۔ اس کی اہمیت و وقعت مگر کسی بھی صورت ہم پر اثر انداز ہوئی نہ ہم نے اس حوالے سے سرکاری و عوامی سطح پر مزدور طبقے کو کسی بھی قسم کی رعایت، کوئی خاص معاوضہ، کوئی تحریک یا تضمین نہیں پیش کی نہ اس دن کی تعطیل سے مزدور طبقہ اپنے جائز بنیادی حقوق سے آگاہ ہو پایا۔ بمذات خود اپنے ماتحت لوگوں خاص کر اپنے اداروں، دفتروں نیچلے طبقے کے ملازموں، گھر میں کام کرنے والے خادم خادماں کو اور دیگر محنت کش افراد کو کام اور پیشے کے اعتبار سے کم تر سمجھتے آئے ہیں تو انہی لوگوں کو اس دن کی مناسبت کسی بھی کسی قسم کا اسپیشل پروٹوکول دینا ہمارے اذہان میں آتا ہے نہ دل اس طرح کی کسی شفقت کے لیے آمادہ ہو پاتا ہے۔ سو میں سے کوئی پانچ فیصد میری نظر میں ایسے ہوں گے جو اس دن کو واقعی مزدور و محنت کشوں کا دن بناتے اور ان کے ساتھ اس دن کی اہمیت بانٹ کر ان کے چہروں پر ان کے کام اور محنت کی وقعت کی فخریہ تابندگی بکھیرتے ہوں گے۔ ایسی صورتحال میں یہ قابل فکر امر ہے کہ آخر آج ہی کے دن سرکاری طور پر معمولات و معاملات کو تعطیل کی نذر کرنے میں ملک و قوم کو کیا حاصل ہے؟ یہاں سوالات بھی پیدا ہوتے ہیں کہ اس ایک دن کی تعطیل سے وہ لوگ جو دیہاڑ داری سے اپنا گزر بسر چلاتے ہیں ان کو کیا ریلیف حاصل ہے؟ انفرادی طور پر کہیں رحم کا معاملہ ہو تو ہو سرکار جو ریاست کے ہر ایک فرد کے بنیادی حقوق کی فراہمی کی جوابدہ ہے وہ اس ضمن میں اپنا کلیدی کردار کس صورت ادا کر رہی ہے؟ حکومتی سرگرمیوں میں اس روز مزدور کو بطور تحفظ کیا ریلیف یا سبڈی فراہم کی جاتی ہے؟ اس دن بھی مزدور سڑکوں پر کام کے منتظر، خادم و خادمائیں اپنے مالکوں کے آگے دست بستہ اپنے کاموں میں مصروف نظر آتے ہیں۔ ٹھیلے پر سبزی و پھل اور دیگر اشیا بیچنے والوں، چھابڑی فروشوں، کچرا اٹھانے والوں اور رکشہ ٹیکسی چلانے والے نحیف لوگوں کے ساتھ ہم اکثر وہی معمول رکھتے ہیں۔ نہ پھول نہ تضمین۔ وہی لگا بندھا رویہ۔ تو پھر کیا خاص ہے اس دن مزدور کے لیے؟ کیا حاصل ہے اس دن کی تعطیل کا؟ کیا محرک ہے ایسی بے اعتنائی کو آئے سال اپنے ملک پاکستان میں محض ایک عام تعطیل کی صورت نافذ کرنے کا؟ ملکی سطح پر اس مزدور طبقے کے تئیں اپنی بے حسی کو اور خطرزدہ اس طبقاتی تقسیم کو پروان چڑھانے کا؟ میرے نزدیک عالمی یوم مزدور مزدور کے لیے ہمارے سوکالڈ مہذب لیکن تعفن زدہ نظام زندگی و بندگی مع نظام حکومت پر سوالیہ نشان کے سوا کچھ نہیں۔

دن چڑھتا ہے
دن ڈھلتا ہے
کام ہوتا ہے
کام کرتے ہیں
یا کبھی کام کی
بیٹھ راہ تکتے ہیں
جیب میں نقدی ہو تو
اپنی شام سہانی ہے
خالی جیب کی، دیکھو!
پھر اداس کہانی ہے
مزدور کا دن کیسے
اور کیوں ضروری ہے
اس روز بھی تو مزدور نے
آ جا کے کرنی مزدوری ہے!

چین کا مسلم دنیا سے تعاون اور سی پیک

تحریر: سید کمال حسین شاہ

علم حاصل کرو خواہ تمہیں چین ہی جانا پڑے، چین تمام مسلم ممالک میں مشہور ہے۔ چین اور عالم اسلام کے درمیان رابطہ اور دوستی جو ہزاروں سال سے جاری ہے، ہماری قیمتی روحانی تعلق ہے۔ 2,000 سال سے پہلے کا۔، دنیا کے لیے چین کا رول ماڈل، آیئے مل کر لوگوں کے لیے ترقی کریں، عام لوگوں کی زندگی کو بلند کریں۔ 2023 دنیا گلوبل ویلج ہے، ایک خاندان کی طرح، اس کی حقیقی تصویر چین ہے، ان کے مقاصد ایک ساتھ مل کر مستقبل کی ترقی، چین کی زبردست ترقی اور تین دہائیوں میں 700 ملین سے زائد لوگوں کو غربت سے نکالنا ہے۔ قرون وسطیٰ کے یوریشیا کو زمینی اور سمندری راستے سے جوڑنے والے تنظیم تجارتی راستے اسلامی ممالک کو لے آئے۔ ون بیلٹ، ون روڈ (بی آر آئی) / سلک روڈ اکنامک بیلٹ (وسطی ایشیا اور مشرق وسطیٰ کے راستے زمینی راستے)۔ میری ٹائم سلک روڈ (بحر الکاہل اور بحر ہند کے ساتھ بحیرہ روم)۔ چین مسلمانوں کا دوست ملک ہے۔ اس کے مسلم ممالک، وسطی ایشیا، جنوبی ایشیا، مشرق وسطیٰ، خلیج، افریقہ، جنوب مشرقی ایشیا اور دنیا کے دیگر حصوں کے ساتھ تعلقات ہیں۔ چین بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو کے تحت 54 مسلم ممالک میں 400 بلین ڈالر سے زیادہ کی سرمایہ کاری کر رہا ہے، پوری مسلم دنیا میں 600 منصوبے۔ چین اور مسلم دنیا کا تعلق احترام اور باہمی تعاون پر مبنی ہے۔

چین فلسطینی عوام کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہے اور دو ریاستی حل کی بنیاد پر حمایت کرتا ہے۔ حمایت جموں و کشمیر کا دیرینہ تنازعہ۔ افغانستان میں بحران، پیچنگ افغانستان میں امن اور تعمیر نو کی حمایت کرتا ہے، چین ایک کثیر قطبی دنیا کو فروغ دینے کے لیے مسلم دنیا / اسلامی ممالک کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے، اور زمین پر بنی نوع انسان کے مشترکہ مستقبل کے ساتھ ایک کمیونٹی کی تعمیر کے لیے مسلسل کوششیں کر رہا ہے۔ ایک طویل عرصے کے بعد مشرق وسطیٰ میں سعودی عرب اور ایران کے درمیان 'امن' معاہدہ ہوا ہے۔ چین کی کامیاب ثالثی سے ایران اور سعودی عرب نے مکمل سفارتی تعلقات بحال، جو چین کی ایک اہم کامیابی ہے۔ چین کا شکریہ جو یمن میں جنگ روکنے میں مدد۔ جیسا کہ امریکہ اور کوئی اور مغربی ملک مشرق وسطیٰ کے امن میں دلچسپی نہیں رکھتا تھا یا عراق اور شام کی طرح سے امن کی حمایت۔ صدر شی جن پنگ کے بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو، علاقائی رابطوں نے تعاون اور خوشحالی کو بڑھایا۔ بی آر آئی میں حصہ لینے والے ممالک کے درمیان زیادہ سے زیادہ رابطے کی اہم اہمیت اور خصوصی توجہ کے لیے چار مخصوص شعبوں کی تجویز پیش کی جس میں ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی، لیبر کی نقل و حرکت، ثقافتی رابطہ اور علم اور اختراع میں بہترین طریقوں کا اشتراک شامل ہے۔ مغرب اب طویل مدت اتحادی کے طور پر قابل بھروسہ نہیں رہا۔ چین نے مسلم دنیا کیساتھ اپنی پوزیشن کو بھی مضبوط کیا اور وبائی امراض کے دوران مسلم ممالک کو 1.5 بلین ڈالرز کی ویکسین بھی فراہم کی۔ پاک چین دوطرفہ تعلقات انتہائی مضبوط اور انتہائی گہرے اور اعتماد پر مبنی ہیں۔ پاکستان کا معاشی بحران، چین نے سی پیک کے ذریعے ایک بہت بڑا موقع فراہم، پاکستان میں سرمایہ کاری۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبہ، پاکستان میں براہ راست سرمایہ کاری۔ ۲۲۰۲ میں سیلاب نے پاکستان کے 70 فیصد حصے کو متاثر کیا، چین پاکستان کی مدد کے لیے آگے بڑھا۔ ضرورت کے وقت یہ ایک حقیقی دوست اور بھائی تھا محبت اور دیکھ بھال کی حقیقی تصویر۔ چین کی حکومت نے مزید 400 ملین RMB فراہم کیے ہیں اور چین کی سول سوسائٹی نے اپنے طور پر بھی مدد کی ہے اور پاکستان میں کام کرنے والی چینی کمپنیاں کارکنوں اور مقامی لوگوں کی مدد۔ بی آر آئی پاکستان کے لیے معاشی لائف لائن ثابت ہوا۔ گزشتہ سال 2022 میں 19 بلین ڈالر کی لاگت سے سی پیک کے 27 منصوبے مکمل ہوئے۔ توانائی کے شعبے میں 14 منصوبے مکمل، 1320 میگاواٹ ساہیوال کول سے چلنے والا پاور پلانٹ، پورٹ قاسم کراچی پر 1320 میگاواٹ کول سے چلنے والا پاور پلانٹ، 1320 میگاواٹ جائنا حب کول پاور پراجیکٹ، حب بلوچستان، 660 میگاواٹ اینگرو تھر کول پاور پراجیکٹ، 1000 میگاواٹ کا پاور پلانٹ۔ اعظم سولر پارک (بہاولپور)، 50 میگاواٹ ہائیڈرو جائنا داؤد ونڈ فارم، گھارو، ٹھٹھہ 100 میگاواٹ یو ای پی ونڈ فارم، جھمپیر ٹھٹھہ، 50 میگاواٹ پچل ونڈ فارم، جھمپیر، ٹھٹھہ، 100 میگاواٹ تھری گورجز دوسرا اور تیسرا ونڈ پاور پروجیکٹ، نیاری تالہور ±HVDCKV660 ٹرانسمیشن لائن پروجیکٹ، 720MW کروٹ ہائیڈرو پاور پروجیکٹ، پنجاب / کشمیر، 330MW جکو تھر کول پاور پروجیکٹ (تھر انرجی) SSRL1320MW تھر کول بلاک-I 7.8 mtpa اور پاور پلانٹ (660MW×2 اور 30MW) جکو تھل نووا تھر کول پاور پراجیکٹ۔ زیر تعمیر منصوبے 884 میگاواٹ سوکی کناری ہائیڈرو پاور پراجیکٹ، کے پی اور گوادر میں 300 میگاواٹ کول سے چلنے والا پاور پراجیکٹ۔ زیر غور منصوبوں میں 1124 میگاواٹ کوہالہ ہائیڈرو پاور پراجیکٹ، اے جے کے، 700.7 میگاواٹ آزاد پتن ہائیڈرو پاور پراجیکٹ، اے جے کے / پنجاب، 1320 میگاواٹ تھر مائن ماؤتھ اوریکل پاور پلانٹ اینڈ سرفیس مائن، 50 میگاواٹ کاچو ونڈ پاور پروجیکٹ، اور 50 میگاواٹ ویسٹرن لینڈ پاور پلانٹ شامل ہیں۔ ونڈ پاور پروجیکٹ گوادر بلوچستان میں اب تک 200 ملین ڈالر کے تین منصوبے مکمل ہو چکے ہیں۔ 230 ملین ڈالر کے دو منصوبے 2025 تک مکمل ہو جائیں گے۔ 150 ملین ڈالر کے دو مزید منصوبے 2030 تک مکمل کیے جائیں گے۔ سی پیک بلوچستان کے ساتھ ساتھ علاقوں کے لیے گیم چینجر ہے۔ گوادر کی بندرگاہ اور فری زون کی ترقی، گوادر سمارٹ پورٹ سٹی ماسٹر پلان، گوادر میں پاک چائنا ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ اور گوادر ایئرسٹ بے ایکسپریس وے کے منصوبے مکمل ہوئے۔ زیر تعمیر منصوبوں کے تحت نیو گوادر انٹرنیشنل ایئرپورٹ، تازہ پانی کی صفائی، پانی کی فراہمی اور تقسیم کی ضروری سہولیات، پاک چائنا فرینڈ شپ ہسپتال، گوادر میں 300 میگاواٹ کول سے چلنے والا پاور پروجیکٹ۔

یکم مئی۔۔عالمی یوم مزدور

سو جاتے ہیں فٹ پاتھ پہ اخبار بچھا کر
مزدور کبھی نیند کی گولی نہیں کھاتے
مزدور اور محنت چولی دامن کا ساتھ ہے

اقرا خالد

کیونکہ مزدوروں کا شمار محنت کش لوگوں میں ہوتا ہے اس لیے یکم مئی کو مزدوروں کا عالمی دن منایا جاتا ہے جس کو لیبر ڈے بھی کہا جاتا ہے دنیا بھر کی طرح پاکستان میں مزدور ڈے کا دن کئی دہائیوں سے بڑے جوش و خروش اور مزدوروں سے اظہار یکجہتی کی غرض سے منایا جا رہا ہے اگر اس کی تاریخ کو دیکھیے تو تیس سال پرانی ہے یوم مئی منانے کا تعلق امریکہ کی ریاست شکاگو میں پیش آنے والے افسوسناک واقعات سے ہے جو کہ انیس سو چھیاسی میں شکاگو میں مزدوروں کے حقوق کے لیے آواز اٹھانے والی ایک ریلی پر بم دھماکہ کیا گیا جس میں متعدد افراد ہلاک ہوئے اس دھماکے کے بعد امریکہ میں مزدور یونین کے خلاف ایک مہم کا آغاز کیا گیا اس کے ردعمل کے طور پر مزدوروں کے خلاف شروع کی گئی مہم عالمی سطح پر ردعمل کے طور پر سامنے آء۔ اسی وجہ سے یکم مئی کو عالمی دے یعنی لیبر ڈے منایا جانے لگا اگر ہم اپنے ملک پاکستان کی صورت حال کا جائزہ لیں تو ہمیں ایک عام مزدور کی زندگی کافی مشکلات میں گھری ہوئی نظر آئے گی۔

آبادی کی زیادتی تعلیم کے فروانی میں کمی صنعتی ترقی کے کم مواقع اور معاشی بدحالی کی وجہ سے بے روزگاری عام ہوتی نظر آ رہی ہے جو دن بادن مزدوروں کے لیے مشکلات میں اضافہ کا باعث بن رہی ہے کیا مزدوروں کو ان کی محنت کے مطابق اجرت مل رہی ہے؟ کیا ان کی محنت کی اجرت ان کو وقت پر ملتی ہے؟ کیا گورنمنٹ اف پاکستان مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے اقدامات کر رہی ہے؟ کیا مزدوروں۔ کے ساتھ ایک دن اظہار یکجہتی کرنے سے ان کے مسائل کم ہو جاتے ہیں؟ یہ ایک بہت بڑا سوالیہ نشان ہے؟ کیونکہ اکثر دیکھنے میں آیا ہے کہ جن مزدوروں کے لئے لیبر ڈے منایا جاتا ہے وہی اس دن کام کی تلاش میں سڑکوں پر نکلتے ہیں سرکاری اور پرائیوٹ اداروں میں کام کرنے والے لوگ لیبر ڈے گھر میں چھٹی کر کے مناتے ہیں اور سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ جن لوگوں کے پاس زندگی کی تمام آسائشیں موجود ہوتی ہیں وہ عالمی مزدور ڈے مناتے ہیں اور جن مزدوروں کے لیے دن منایا جاتا ہے وہ سڑکوں پر کام کی تلاش اس دن کو بھی کرتے ہیں

یقیناً یہ اس بات کی عکاسی ہے کہ ہمارے ملک میں مزدوروں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار صرف نعروں خبروں باتوں تک ہی رہ گیا ہے وقت کے ساتھ ساتھ اس کی اہمیت ختم ہوتی جا رہی ہے مزدوروں کو ان کے حقوق تک رسائی ملنا تو دور کی بات ہے ان کو تو اپنی اجرت بھی تاہم سے نہیں ملتی

گورنمنٹ آف پاکستان کو چاہیے کہ مزدوروں کے حقوق کے لیے ایک مکمل پالیسی بنانی چاہیے اور ان کو وہ تمام مواقع ملنے چاہیں جن سے وہ اپنی ایک خوشگوار زندگی گزار سکے اس سے پہلے کہ یہ تاریخ کا ایک اہم دن کہی خود تاریخ نا بن جائے۔

شوبز SHOWBIZ

ماہرہ خان کا تین برس بعد ٹی وی سکرین پر واپسی کا اعلان

اداکارہ نے آخری ٹی وی سیریل 2021 میں کیا تھا اور اس کا نام ہم کہاں کے سچے تھے تھا

کراچی (شوبز نیوز) پاکستانی کی سپر سٹار ماہرہ خان نے تین برس بعد ٹی وی سکرین پر واپسی کا اعلان کر دیا۔ اداکارہ ماہرہ خان نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر اعلان کیا کہ وہ ٹی وی ڈرامے رضیہ کے ساتھ چھوٹی اسکرین پر واپس آ رہی ہیں، اداکارہ نے آخری ٹی وی سیریل 2021 میں کیا تھا اور اس کا نام ہم کہاں کے سچے تھے تھا۔ اداکارہ نے انسٹاگرام پر مداحوں کو سرپرائز دیتے ہوئے اپنے کردار کی تصویر شیئر کی اور بتایا کہ رضیہ بہت جلد ٹی وی پر آ رہی ہے۔ تصویر میں دیکھا جا سکتا ہے۔

اداکارہ مایا علی کو یو اے ای کا گولڈن ویزا مل گیا

گولڈن ویزا ایک دس سالہ رہائشی کارڈ ہے اور ویزا ہولڈرز کو کئی سہولتیں حاصل ہوتی ہیں

لاہور (شوبز نیوز) معروف پاکستانی اداکارہ مایا علی کو متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کا گولڈن ویزا مل گیا۔ مایا علی سے قبل اداکارہ ثنا جاوید، ان کے شوہر عمیر جسوال، ہمایوں سعید، وسیم اکرم، شعیب ملک اور ثانیہ مرزا، کرکٹر شاداب خان، افتخار احمد اور دیگر پاکستانی شخصیات کو یو اے ای کا گولڈن ویزا مل چکا ہے۔ گولڈن ویزا ایک دس سالہ رہائشی کارڈ ہے اور ویزا ہولڈرز کو کئی سہولتیں حاصل ہوتی ہیں جن میں سب سے اہم یہ ہے کہ وہ بغیر کسی دوسرے شخص یا کمپنی کی مدد کے یو اے ای میں اپنے شوہر یا بیوی اور بچوں کے ساتھ قیام کر سکتے ہیں۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اداکارہ مایا علی نے حکام سے ویزا لینے کی تصویر شیئر کرتے ہوئے اپنے مداحوں کو اس خوشخبری سے آگاہ کیا۔ مایا علی نے گولڈن ویزا ملنے پر اماراتی حکام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے لکھا کہ یہ میرے لیے اعزاز کی بات ہے۔ اداکارہ مایا علی کو متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کا گولڈن ویزا مل گیا۔ مایا علی سے قبل اداکارہ ثنا جاوید، ان کے شوہر عمیر جسوال، ہمایوں سعید، وسیم اکرم، شعیب ملک اور ثانیہ مرزا، کرکٹر شاداب خان، افتخار احمد اور دیگر پاکستانی شخصیات کو یو اے ای کا گولڈن ویزا مل چکا ہے۔

بھارتی سپر سٹار سلمان خان کا قتل کی دھمکیوں کے متعلق بڑا انکشاف

اداکار نے بتایا کہ سیکورٹی کے حوالے سے مجھے جو بتایا جاتا ہے میں اس پر عمل کرتا ہوں

ممبئی (شوبز نیوز) بالی وڈ دبنگ اسٹار سلمان خان نے انکشاف کیا ہے کہ قتل کی پے در پے دھمکیوں نے ان کی زندگی اجیرن کر دی ہے۔ ایک تازہ انٹرویو میں اداکار نے دھمکیوں پر بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ ان کو خود بھی دھمکیوں سے ڈر محسوس ہوتا ہے اور اب ان کیلئے یہ بات ناممکن ہو گئی ہے کہ وہ بائیک چلائیں یا ایک اکیلے سفر کریں۔ سلمان خان نے بتایا کہ جب میں ٹریفک میں ہوتا ہوں تو پھر مجھے میری سیکورٹی سے مسئلہ ہوتا ہے، سیکورٹی کی گاڑیاں دوسری گاڑیوں کیلئے مسئلہ بناتی ہیں۔

کھلاڑیوں سے کیا وعدہ پورا کرنے کیلئے 120 آلو کے پراٹھے بنانے پڑے، پریتی زنٹا

پریتی زنٹا بالی ووڈ فلموں میں اداکاری کے ساتھ ساتھ کرکٹ میں غیر معمولی دلچسپی رکھتی ہیں

ممبئی (شوبز نیوز) معروف بالی ووڈ اداکارہ پریتی زنٹا نے ایک وعدے تحت آئی پی ایل فرنچائز کنگز الیون پنجاب کے کھلاڑیوں کیلئے 120 پراٹھے بنانے کا انکشاف کیا ہے۔ معروف بھارتی اداکارہ پریتی زنٹا بالی ووڈ فلموں میں اداکاری کے ساتھ ساتھ کرکٹ میں غیر معمولی دلچسپی رکھتی ہیں، پریتی زنٹا انڈین پریمیئر لیگ) آئی پی ایل (کی فرنچائز کنگز الیون پنجاب کی مالک ہیں جن کا شمار آئی پی ایل فرنچائز کے متحرک مالکان میں ہوتا ہے۔ حال ہی میں اپنے ایک انٹرویو کے دوران اداکارہ نے انکشاف کیا کہ سال 2009 میں ہم ساتھ افریقا میں موجود تھے۔

حریم فاروق کا دوست کی شادی میں ڈانس، ویڈیو وائرل

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ حریم فاروق نے دوست کی شادی میں ڈانس کیا جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی ہے۔ حریم فاروق نے گزشتہ روز دوست کی شادی میں شرکت کی اور گانوں پر پرفارم بھی کیا جسے مداحوں کی جانب سے خوب سراہا جا رہا ہے۔ ویڈیو میں گانے کی دھن پر حریم فاروق کو ڈانس کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ حریم فاروق نے خود بھی شادی کی تقریب میں شرکت کی ویڈیو انسٹاگرام پر شیئر کی جس کے کیپشن میں انہوں نے لکھا کہ سنا ہے۔

والد کی دوسری شادی پر بہت خوش اور سب سے آگے تھی: حنیش قریشی

فیصل قریشی کی بیٹی کا کہنا تھا کہ ان کے والد کی پہلی شادی کم عمری میں ہو گئی تھی

لاہور (شوبز نیوز) اداکار فیصل قریشی کی بڑی صاحبزادی اداکارہ حنیش قریشی نے کہا ہے کہ والد کی شادی پر وہ انکی گروم فرینڈ بنی ہوئی تھیں۔ حال ہی میں ایک یوٹیوب انٹرویو میں فیصل قریشی کی بیٹی کا کہنا تھا کہ ان کے والد کی پہلی شادی کم عمری میں ہو گئی تھی اور کسی وجہ سے ان کے والدین کی شادی نہیں چل سکی لیکن وہ اپنے والد کی دوسری شادی پر سب سے زیادہ خوش تھیں اور اپنے والد کی شادی پر والد کا گروم فرینڈ بنی ہوئی تھیں۔ حنیش قریشی کا کہنا تھا کہ جب میاں بیوی کی شادی مختلف وجوہات کی بنا پر نہ چل پا رہی ہو تو انہیں علیحدگی۔

اداکار جیا خان خودکشی کیس کا 10 سال فیصلہ آگیا، سورج پنچولی بے قصور قرار

ممبئی (شوبز نیوز) عدالت نے ایک دہائی پرانے مقدمے کا فیصلہ سناتے ہوئے اداکار سورج پنچولی کو اداکارہ جیا خان کی خودکشی کے کیس میں بے قصور قرار دے دیا۔ 25 سالہ جیا خان 3 جون 2013 کو ممبئی کے علاقے جوہو میں واقع اپنے گھر میں مردہ پائی گئی تھیں، خودکشی کے وقت جیا اپنے گھر میں اکیلی تھیں، ان کی بہن اور والدہ گھر پر موجود نہیں تھیں۔ جیا کی موت کو لیکر ان کے بوائے فرینڈ سورج پنچولی پر یہ الزام عائد کیا گیا کہ انہوں نے جیا کو خودکشی کے لیے اکسایا، پولیس نے ابتدا میں سورج کو گرفتار کیا، تاہم پھر ضمانت پر رہا کر دیا گیا تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سورج پنچولی پر 2018 میں باقاعدہ فرد جرم عائد کی گئی تھی، تاہم انھوں نے تمام الزامات سے انکار کیا تھا۔

SPORTS سپورٹس

پاکستان اصولوں کی خاطر ایشیا کپ قربان کرنے کو تیار

مکمل منتقلی پر اصرار کی صورت میں ٹورنامنٹ کا انعقاد ہی نہیں کیا جائے گا

لاہور (یو این پی) پاکستان اصولوں کی خاطر ایشیا کپ قربان کرنے کو بھی تیار ہے جب کہ پی سی بی نے ایک بار پھر واضح کر دیا کہ ایونٹ پاکستان میں ہی ہوگا۔ ایشین کرکٹ کونسل کے اجلاس میں رواں سال ہونے والے ایشیا کپ کی میزبانی پاکستان کو دی گئی تھی، بھارتی کرکٹ بورڈ حکام بار بار اپنی ٹیم ایونٹ میں شرکت کیلیے نہ بھجوانے کے بیانات دیتے رہے۔ جواب میں پی سی بی کی جانب سے بھی بھارت میں شیڈول ورلڈ کپ میں شرکت سے انکار کا موقف اپنایا جاتا رہا، گزشتہ چند ماہ میں حکام کی متعدد ملاقاتوں کے باوجود ڈیڈ لاک ختم نہیں ہوا۔ آئی سی سی کی میٹنگ کے دوران درمیانی راستہ نکالتے ہوئے ایشیا کپ کا انعقاد پاکستان جبکہ صرف بھارت کے مقابلے کسی نیوٹرل وینیو پر کرانے کی تجویز سامنے آئی تھی۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستان اصولی فیصلہ کر چکا کہ ایشیا کپ میں دیگر ٹیموں کے میچز یہیں ہوں گے مگر بھارت ہائبرڈ ماڈل کے تحت نیوٹرل وینیو پر کھیل سکتا ہے۔ گزشتہ ماہ چیئرمین مینجمنٹ

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 02 مئی 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈیولپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 02 مئی 2023 صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک راولپنڈی کینٹ سرکل، چوہان، چونترہ، راجڑ، چکری، ایس پی ڈی، ایس پی ایف، کہوٹہ سٹی۔II، حنیف شہید، آرمی فلیٹس، آرمے بازار، اسلام آباد فیڈ مل، جھنڈ جھتیال، بسالی، پنڈ جاتلہ، لیب۔II، لیب۔I، ریلائنس ویونگ مل، اٹلڈ سٹریل، بھل، جرار کیمپ فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل سرکل، کیانی روڈ، ویسٹریج فیڈرز، چکوال سرکل، بشارت، سی ایس شاہ، قمر پال فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

کورٹ کے رجسٹرار آفس نے اعتراضات لگا دیئے۔ رجسٹرار آفس نے پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیوں کی بحالی کی درخواست کو اعتراضات لگا کر واپس کر دیا، شہری رائے اشتیاق احمد نے دونوں اسمبلیوں کی بحالی کی درخواست دائر کی تھی۔ رجسٹرار آفس نے اعتراض لگاتے ہوئے کہا کہ درخواست گزار نے متعلقہ فورم کی دستیابی کے باوجود وہاں رجوع نہیں کیا، اسمبلیوں کی بحالی کے کیس میں درخواست گزار متاثرہ فریق نہیں، درخواست میں آرٹیکل 184/3 اختیار کے استعمال کا کوئی آئینی جواز پیش نہیں کیا گیا۔

بقیہ 2

ہوتی ہوئی ایم اے او کالج پہنچے گی اور لوئر مال روڈ سے ہوتی ہوئی ناصر باغ پہنچ کر اختتام پذیر ہوگی، ریلی کا اچھرہ، مزنگ سمیت دیگر راستوں پر بھرپور استقبال کیا جائے گا۔ ریلی کے اختتام پر چیئرمین تحریک انصاف عمران خان گاڑی کے اندر سے ہی کارکنوں سے خطاب کریں گے، سابق وزیراعظم لبرٹی چوک پر پہلا خطاب کریں گے جبکہ دوسرا اور آخری خطاب ناصر باغ میں کریں گے، سکیورٹی خدشات کے باعث عمران خان کو گاڑی سے نکلنے سے روک دیا گیا۔ سابق وزیراعظم کے ساتھ ریلی میں مسرت جمشید چیمہ، اعظم سواتی، فیصل جاوید اور دیگر رہنما بھی موجود ہیں، ریلی میں لاہور سے رہنماں اور کارکنان کو شرکت کیلئے ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی جیمر والی گاڑی خراب ہوگئی، تکنیکی وجوہات کی بنا پر گاڑی خراب ہوئی، کلمہ چوک میں گاڑی کی تکنیکی خرابی دور کرنے کی کوشش کی گئی تاہم خرابی دور نہ ہونے کی صورت میں اسے واپس بھیج دیا گیا۔ واضح رہے پنجاب حکومت کی جیمر گاڑی پہلے بھی متعدد بار خراب ہوچکی ہے، عمران خان کی اسلام آباد پیشی کیلئے جاتے ہوئے موٹروے پر بھی خراب ہوئی، چیئرمین پی ٹی آئی کی داتا دربار ریلی میں بھی یہی گاڑی انجن گرم ہونے پر بند ہوگئی تھی۔

بقیہ 3

کہ آج یکم مئی پر پوری دنیا میں لوگ مزدور ڈے منا رہے ہیں، آج یہ جلسہ منعقد کرکے پاکستان کے مزدوروں کی نمائندگی کی گئی ہے، مزدوروں کی طرف سے پاکستان کی حکومت سے بات کرنا چاہتا ہوں، پاکستان تو مزدور چلا رہا ہے اور وی آئی پی لوٹ رہا ہے، مزدوروں کی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرنے آیا ہوں۔ سراج الحق نے کہا کہ مزدوروں کے حقوق کے لیے جماعت اسلامی کھڑی ہے، میں مزدوروں کیلئے عزت والی چھت دیکھنا چاہتا ہوں، پاکستان میں 8 کروڑ مزدور ہیں، مزدوروں کے بچوں کی کفالت کا کوئی انتظام نہیں، پاکستان کے سیاسی لیڈران، حکومتوں نے مزدوروں کو دھوکا دیا، روٹی کپڑا مکان کے نام پر تبدیلی کے نام پر مزدوروں کو دھوکا دیا گیا، 75 سالوں سے ملک کی غریب عوام کا استحصال جاری ہے، پسینے مزدور بہاتا ہے

بقیہ 4

میں وفود کے ہمراہ بیرون ممالک دوروں پر 2 ارب 88 کروڑ 30 لاکھ روپے اور موجودہ وزیراعظم شہباز شریف کے پہلے مالی سال میں ایک ارب 31 کروڑ 13 لاکھ 91 ہزار روپے کے اخراجات ہوئے ہیں، سابق وزیر اعظم عمران خان اور وفود کے بیرون ممالک دوروں پر مالی سال 2018-2019 تا 2021-2022 کے مارچ تک مجموعی طور پر 11 ارب 15 کروڑ 43 لاکھ 4 ہزار روپے کے اخراجات ہوئے ہیں۔ سابق وزیراعظم عمران خان اور وفود کے بیرون ممالک دوروں کیلئے 3 سال میں 2 ارب 45 کروڑ 99 لاکھ روپے پیلیمنٹری بجٹ لیا گیا

بقیہ 5

کو معاشی ترقی میں حصہ دار بنانا میرے خیال میں عالمی معیشت کے لئے ایک بنیادی چیلنج ہے۔

بقیہ 6

اور وقار کی علامت ہے بلکہ یہ مزدوروں کی اہمیت کا اعتراف بھی ہے کیونکہ مزدور ملکی معاشی ترقی میں مرکزی حیثیت رکھتے ہیں۔ پیر کو یوم مئی پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ مزدور پوری قوم کے معمار ہیں لہذا آج قوم مزدوروں کو خراج تحسین پیش کرتی ہے اور ملک کی ترقی میں ان کے کردار اور تعاون کو سراہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام نے سماجی انصاف، مساوات اور انسانی حقوق کے احترام کے اصولوں پر بھی زور دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اور خاتم النبیین نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں مزدوروں کے قانونی اور بنیادی انسانی حقوق کو انتہائی اہمیت دینے کا حکم دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام مزدور کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے اس کی اجرت ادا کرنے کا حکم دیتا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ موجودہ حکومت محنت کشوں کے کام کرنے اور رہنے کے معیار کو بہتر بنانے اور انہیں اور ان کے اہل خانہ کو ان کے حقوق اور فلاح و بہبود کے تحفظ کے ساتھ بہتر رہائش اور تعلیمی سہولیات فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے۔ لہذا موجودہ حکومت نے مزدوروں کی کم از کم اجرت میں بھی اضافہ کیا ہے۔ آیئے آج ہم سب انفرادی اور اجتماعی طور پر مزدوروں کے حقوق کے لئے اپنا کردار ادا کرنے کا عہد کریں تاکہ مزدوروں کی سماجی، معاشی اور سماجی فلاح و بہبود میں سرمایہ کاری کرکے ان کی فلاح و بہبود کو یقینی بنایا جاسکے

بقیہ 7

چیف جسٹس کو سپریم کورٹ کیلئے نامزد کرنے کی سفارش کی گئی، خط میں کہا گیا کہ جسٹس مسرت ہلالی اور جسٹس احمد علی شیخ کے ناموں پر غور کیا جائے۔ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس جلد بلانے پر بھی زور دیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ دنوں جوڈیشل کمیشن نے پشاور ہائیکورٹ میں پہلی خاتون چیف جسٹس کی تعیناتی کی سفارش کی گئی تھی۔ چیف جسٹس پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال کی سربراہی میں جوڈیشل کمیشن کا اجلاس ہوا تھا جس میں جسٹس مسرت ہلالی کو چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ تعینات کرنے کی سفارش کی گئی۔ جسٹس مسرت ہلالی کی تعیناتی کی سفارش متفقہ طور پر منظور کی گئی تھی، جوڈیشل کمیشن نے سفارش منظوری کیلئے پارلیمانی کمیٹی کو بھجوائی تھی۔ جسٹس مسرت ہلالی پشاور ہائیکورٹ کی سینئر ترین جج اور قائمقام چیف جسٹس ہیں۔ جبکہ اس سے قبل جسٹس مسرت ہلالی نے قائمقام چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ کا حلف اٹھایا تھا، قائمقام چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ کی حلف برداری کی تقریب گورنر ہاؤس میں ہوئی تھی، تقریب میں نگران حکومت کے وزراء، پشاور ہائیکورٹ کے ججز اور وکلاء نے شرکت کی۔ مسرت ہلالی نے بطور قائم مقام چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ کا حلف اٹھایا، گورنر خیبر پختونخوا حاجی غلام علی نے چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ سے حلف لیا تھا۔ جسٹس مسرت ہلالی پشاور ہائیکورٹ کی تاریخ کی پہلی خاتون قائمقام چیف جسٹس بنیں۔

بقیہ 8

شہری بن کر رہیں یہ فتنہ ایک دن ایک بات کرتا ہے اور اگلے دن کوئی اور بات کرتا ہے۔ وہ اتوار کی رات گئے اپنے حلقہ نیابت ٹھیکریوالہ فیصل آباد میں یو این پی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے کہا کہ ہمارے اقدامات کے باعث پنجاب میں دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ ہوچکا ہے جس کا سہرا نواز شریف کے سر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اپنے دور میں بجلی کے کئی نئے کارخانے لگائے لیکن فتنہ خان نے ایک بھی نیا کارخانہ نہیں لگایا، ہم نے طویل لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا اور اگر اب کسی جگہ تھوڑی بہت لوڈ مینجمنٹ ہے تو اس کی وجہ یہ نہیں کہ بجلی بنانے کے کارخانے نہیں ہیں بلکہ اس کی وجہ گیس اور فرنس آئل کی کمی ہے

بقیہ 9

پاکستانیز اور ایچ آر ڈی اور اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن کے تعاون سے سوڈان میں پھنسے پاکستانیوں کو نکالنا شروع کردیا ہے۔ اسی سلسلے میں آج پی آئی اے کی ایک پرواز نے سوڈان میں پھنسے 93 پاکستانیوں کو ریاض سے اسلام آباد پہنچایا۔ اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن اور سول ایوی ایشن اتھارٹی کے حکام مسافروں کے استقبال اور مہمان نوازی کے لیے موجود تھے۔ وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی اور انسانی وسائل کی ترقی جناب ساجد حسین طوری اور وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی و عوامی امور جناب امیر مقام بھی مسافروں کے استقبال کے لیے ایئرپورٹ پر موجود تھے۔ 15 اپریل 2023 کو فوج اور مسلح ریپڈ سپورٹ فورسز (RSF) کے نیم فوجی گروپ کے درمیان تشدد کے اچانک پھوٹ پڑنے سے ایک انسانی بحران پیدا ہوگیا تھا۔ سوڈان میں ابھرتی ہوئی صورتحال اور بڑھتے ہوئے سیکیورٹی خدشات کے پیش نظر سوڈان میں پھنسے ہوئے تقریباً 1500 پاکستانیوں کی فی الفور اور باحفاظت وطن واپسی ضروری ہوگئی ہے۔

بقیہ 10

چوہدری پرویز الٰہی نے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان سے دبے الفاظ میں گلے شکوے کر ڈالے۔ موقع پر کارکنان کے موجود نہ ہونے کی وجہ سے چوہدری پرویز الٰہی نے عمران خان سے ناراضگی کا اظہار کیا اور کہا کہ میں پارٹی کا صدر ہوں، کارکنان میرے لیے نہیں نکلے۔ پی ٹی آئی کارکنان کے نہ نکلنے کی وجہ سے پرویز الٰہی پارٹی قیادت سے ناراض ہیں۔ پرویز الٰہی نے کہا میری رہائشگاہ پر کئی گھنٹے آپریشن جاری رہا لیکن پی ٹی آئی کارکن زمان پارک میں بیٹھے رہے پنجاب کی قیادت بھی نہیں پہنچی۔ دوسری جانب سربراہ مسلم لیگ ق چوہدری شجاعت حسین نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس رات پیش آنے والے واقعہ پر روشنی ڈالوں گا، ایسی بات نہیں کرنا چاہتا ہے

بقیہ 11

کہ وہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان ان مذاکرات کی کامیابی کیلئے مزید لچکدار بنیں۔ مسلم لیگ (ن) کی زیر قیادت حکمران اتحاد اور پی ٹی آئی کے درمیان منگل کو ہونے والے مذاکرات کے تیسرے دور سے قبل مسلم لیگ (ن) نے خبردار کیا کہ اگر مذاکرات ناکامی سے دوچار ہوئے تو عمران خان کی پارٹی ناکام ہوگی کیونکہ اس کے نتیجے میں آئینی شق کے تحت انتخابات کو ایک سال کے لیے موخر کیا جاسکتا ہے۔ ایک ہی دن انتخابات کرانے کے لیے 14 مئی تک قومی اسمبلی تحلیل کرنے کے عمران خان کے مطالبے پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے سیکرٹری جنرل اور وفاقی وزیر برائے ترقی احسن اقبال نے کہا کہ ہم عمران خان کو بتانا چاہتے ہیں کہ وہ بندوق کی نوک پر مذاکرات نہیں کر سکتے، مذاکرات کی پہلی شرط یہ ہے کہ کوئی پیشگی شرائط عائد نہ کی جائیں، عمران خان اتنے بے چین ہیں

بقیہ 12

میں ایک شخص حائل ہے اس کا نام عمران خان ہے، وہ بھی وقت تھا جب ڈالر 100 روپے کا تھا، 2013 سے 2017 تک آٹے کی قیمت 35 روپے سے بڑھنے نہیں دی، نواز شریف ایک ہی بات کرتے تھے اس ملک کا مزدور پیٹ بھر کر کھانا کھائے۔ انہوں نے سابق وزیراعظم پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ 2 روپے کی روٹی آج 25 روپے کی ہے، کس کو الزام دینا ہے؟ صرف عمران خان ذمہ دار نہیں بلکہ پورا ٹولہ ہے، ملک پیچھے کی طرف کیوں جارہا ہے آج مجھے بات کرنی پڑے گی، اس گینگ کا سربراہ عمران خان ہے، پاکستان کا کرپٹ ترین شخص اس گینگ میں شامل ہے۔

بقیہ 13

ویڈیو ٹوئٹ کرتے ہوئے کہا کہ ہماری یوم مئی کی ریلی کیلئے لاہور سے زبردست رسپانس ملا، شاندار آغاز کے بعد ریلی اور بھی زور پکڑ رہی ہے۔ اپنے بیان میں چیئرمین تحریک انصاف عمران خان نے کہا ہے کہ یہ ان لوگوں کیلئے ایک انتباہ ہے جو سپریم کورٹ اور آئین کی خلاف ورزی کا سوچ رہے ہیں، ہماری عوام سپریم کورٹ کے احکامات اور آئین کی خلاف ورزی کرنے والے مافیا کو برداشت نہیں کریں گے۔ سابق وزیراعظم عمران خان نے اپنے ٹوئٹ میں مزید کہا ہے کہ انتخابات سے دور ہمارا ملک اپنی موجودہ نازک معاشی صورتحال میں سڑکوں پر ہونے والی ایک بڑی تحریک کو برداشت نہیں کر سکے گا۔

بقیہ 14

شرکت کی،،، تقریب میں ڈائریکٹر لیبر راولپنڈی ڈویژن سمیع اللہ خان، صدر ریفائنری یونین حمید خان جدون سمیت ورکرز نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کمشنر راولپنڈی لیاقت علی چٹھہ کا کہنا تھا کہ پاکستان میں وہی ادارے ترقی کی راہ پر گامزن ہوئے جو مزدور کے حقوق کا دفاع جانتے ہیں۔ مزدور کو آگے آنے کا موقع دیا جانا چاہیے ملکی ترقی معیشت کی ترقی کا راز مزدور کے حقوق ہیں۔ تقریب کے اختتام میں یوم مزدور کے دن کے حوالے سے ریلی نکالی گئی جسکی قیادت کمشنر راولپنڈی لیاقت علی خان ڈائریکٹر لیبر سمیع اللہ خان، صدر ریفائنری یونین حمید خان جدون نے کی۔

بقیہ 15

۔ ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر راولپنڈی ڈویژن سمیع اللہ سمیت ورکرز اور مزدوروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کمشنر راولپنڈی نے یوم مزدور کے موقع پر پودا بھی لگایا اور ملکی سلامتی کے لئے خصوصی دعا کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کمشنر لیاقت علی چٹھہ نے مزدوروں کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ مزدور تنظیموں نے ہمیشہ مزدوروں اور ورکروں کے حق کے لئے آواز اٹھائی ہے اور وہی ادارے ترقی کی راہ پر گامزن ہوتے ہیں جو مزدوروں کے حقوق کی حفاظت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مزدور کی اجرت کی بروقت ادائیگی کے علاوہ مزدوروں کی عزت نفس کا بھی خیال رکھنا ضروری ہے۔ کمشنر لیاقت علی چٹھہ نے مزید کہا کہ مزدوروں کے حقوق کے لئے سب کو متحد ہوکر کام کرنا ہوگا تاکہ مزدوروں کے حقوق کو ہر فورم پر اجاگر کیا جائے اور ادارے بھی بہتری کی طرف گامزن ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ترقی کا پہیہ جام ہونے کی اصل وجہ مزدور کو پورا معاوضہ نہ دینا ہے۔ لیاقت علی چٹھہ کے یوم مزدور پر شاندار تقریب کے انعقاد پر آئل ریفائنری سی بی اے یونین کے صدر حمید جدون کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ میں سیکرٹری لیبر بھی رہا اور اس وقت مزدور کو پوری اجرت ادا کرنے والے کارخانہ مالکان کو انعامات دیئے۔ آئل ریفائنری سی بی اے یونین کے صدر حمید جدون نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ پہلا یوم مئی ہے جب سی بی اے یونین اور مینجمنٹ ایک ساتھ موجود ہیں جبکہ قبل ازیں ہم یوم مئی سڑکوں پر ہی مناتے رہے، جس کے لئے انہوں نے سابق صوبائی وزیر محنت راجہ اشفاق سرور مرحوم کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر مری بروری ورکرز یونین کے عہدیدار سید نذر حسین شاہ اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ 16

عقیدت پیش کرنے اور مزدوروں کے لئے حق کی آواز بلند کرنا ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ مزدور کسی بھی معاشرے اور ملک کی مجموعی معاشی اور اقتصادی ترقی میں کلیدی حیثیت رکھتے ہیں، جن ممالک نے صنعت کے میدان میں ترقی کی ان کی اس ترقی میں ان کے مزدوروں کے تعمیری کردار کو یقیناً نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں بھی ہنرمند ہیومن ریسورس اور بھرپور افرادی قوت ترقی کی راہ پر گامزن کرے گی، جو مزدور کسی فنی مہارت سے آشنا ہوتے ہیں وہ معاشرے کی تعمیر و ترقی کا جزو لازم بن جاتے ہیں صوبائی حکومت مزدوروں کے حقوق کی موثر ادائیگی میں کوشاں ہے، محنت کشوں کا استحصال کرنے والوں کو کٹہرے میں بھی لائیں گے، تمام محنت کشوں کے لیے یکساں مواقع اور ضروریات کی فراہمی کو ممکن بنایا جارہا ہے، رنگ و نسل کو بنیاد بنا کر کسی بھی تفریق کی اجازت ہرگز نہیں دی جائے گی، حکومت تکنیکی تعلیم کی اہمیت سے بھی واقف ہے، صوبہ بھر کے پولی ٹیکنیک اداروں کو جدید خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ جدید دنیا کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے نوجوانوں کو اعلیٰ فنی مہارت سے آشنا کر کے ان کی صلاحیتوں کو مزید نکھارنا ہے دنیا میں تکنیکی مہارت سے آراستہ افرادی قوت کی طلب بہت زیادہ ہیصوبائی حکومت ایسی لیبر پالیسی پر یقین رکھتی ہے جس میں تمام مزدوروں اور محنت کشوں کے جائز حقوق کا تحفظ یقینی ہو سکے، صوبائی حکومت نے حال ہی میں گوادر کے ماہی گیروں کو مزدور کا درجہ دیا ہے، ایک فعال، مثبت اور تعمیری معاشرے کی تشکیل کے لئے ضروری ہے کہ تمام انسانوں کے لئے یکساں ضروریات زندگی دستیاب ہوں۔

بقیہ 17

جس کو اس کی اجرت نہیں ملتی، عمران خان کے دور میں سب سے زیادہ مزدور طبقے کو فائدہ ہوا، پی ٹی آئی دور میں کسانوں کو 2600 ارب روپے کا فائدہ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ پناہ گاہوں میں عمران خان خود مزدوروں کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاتے تھے، احساس پروگرام سے سب سے زیادہ مزدور کو ریلیف ملا، عمران خان نے ہیلتھ کارڈ کی شکل میں پوری پاپولیشن کو فائدہ دیا، موجودہ حکومت صرف اپنے کیسز ختم کروانے آئی ہے، اگر سیاسی جماعتوں نے مزدور ڈے پر ایکٹیوٹی نہیں کرنی تو سیاست کس بات کی؟ مسرت جمشید چیمہ کا کہنا تھا کہ کہ تحریک انصاف اپنے مزدور بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے، عمران خان نے کہا ہے ہم اقتدار میں آ کر احساس پروگرام کو بڑے لیول پر شروع کریں گے۔ رہنما پی ٹی آئی نے مزید کہا کہ موجودہ حکومت صرف مقدمات ختم کروانے کے لیے آئی ہے، قوم آئین اور قانون کے ساتھ کھڑی ہے، قوم حقیقی آزادی کیلئے تیار ہے، باشعور اور حقیقی آزادی کے مطلب سے واقف ہوچکی ہے۔

بقیہ 18

پڑے۔ انہوں نے کہا کہ پولیس میرے گھر کے دروازے پر پہنچی تو دونوں بیٹے دروازے کی طرف تھے، پولیس اہلکار آگے بڑھ رہے تھے تو میرے دونوں بیٹوں نے انہیں روکا، پولیس نے دروازہ توڑنے کی کوشش کی۔ چوہدری شجاعت نے بتایا کہ دروازے کے شیشے ٹوٹ گئے مگر دروازہ نہ توڑ سکا، میرے دونوں بیٹے اس صورتحال میں زخمی ہو گئے، چوہدری سالک کے ہاتھ پر ٹانکے لگے۔ سربراہ عوامی مسلم لیگ کا کہنا تھا کہ پولیس آپریشن سے متعلق سوال پر اہلکاروں نے بتایا کہ گجرات میں سڑکوں کی تعمیری ٹھیکوں میں اربوں روپے کمیشن کے الزامات ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ میرا یا میرے بیٹوں کا ایسے کسی معاملے سے کبھی کوئی تعلق نہیں رہا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل چوہدری شجاعت حسین کے بیٹے چوہدری سالک حسین کا کہنا ہے کہ پولیس کا کسی کے گھر پر حملہ کرنا انتہائی شرمناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو گھروں کی حرمت کی عزت کرنی چاہئے اور پولیس کے اس عمل کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ سیاست میں یہ سب کب تک چلتا رہے گا۔ سالک حسین نے مزید کہا کہ رات کو پولیس نے ہمارے گھر پر ریڈ کی اور گھر کا داخلی دروازہ توڑ دیا کی کوشش کی۔ ان کو بتایا گھر پر والد اور والدہ کے علاوہ کوئی بھی موجود نہیں ہے۔

بقیہ 19

شاہراہوں اور جی ٹی روڈ کی اطراف سے بورڈز کو اکھاڑا گیا تھا ان کی اس محنت پر اب پانی پھرنا شروع ہو گیا گزشتہ رات جی ٹی روڈ انڈر پاس خدمت مرکز سنٹر کے بلکل سامنے دیوہیکل غیر قانونی ہورڈنگ سائن بورڈ کو رات کے اندھیروں میں نصب کر دیا گیا جبکہ گوجر خان انتظامیہ کے کانوں پر جوں تک نہ رینگی انتظامیہ مطلع ہونے کے باوجود رات کو نہ تو کام روکا سکی اور نہ ہی صبح اس بورڈ کو اکھاڑ سکی اسے انتظامیہ کی بے بسی سمجھا جائے

بقیہ 20

اصولوں پر عمل پیرا ہے جن میں مزدوروں کے حقوق کی فراہمی و تحفظ ریاست کا آئین فراہم کرتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان سمیت دنیا بھر میں یکم مئی محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ کی علامت کے طور پر منایا جاتا ہے اور پاکستان میں بھی محنت کشوں کے حقوق کی فراہمی یقینی بنائی جاتی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ ہنرمند اور غیر ہنر مند مزدوروں کی کم سے کم معاوضے میں اضافہ کر کے محنت کشوں کے مسائل کو مزید کم کیا جاسکتا ہے۔ حکومت وطن عزیز کی ترقی و خوشحالی کیلئے نہ صرف اندرون ملک کام کرنے والے محنت کشوں بلکہ تارکین وطن کے مسائل کے حل اور بہبود کیلئے متعدد اقدام اٹھا رہی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ یکم مئی مزدوروں کے ساتھ یکجہتی کا دن ہے۔ یہ دن ہمیں ان مواقعوں کو تسلیم کرنے اور خراج تحسین پیش کرنے کا ایک موقع فراہم کرتا ہے جو محنت کشوں نے اپنے اپنے ممالک کی ترقی، خوشحالی اور فلاح و بہبود کے لئے کئے ہیں۔ موجودہ حالات کے تناظر میں یہ دن مزید اہمیت اختیار کر گیا ہے۔ پاکستان کی متحرک افرادی قوت ہماری ترقی کی اصل رفتار ہے۔ حکومت کا تیز، جامع اور پائیدار ترقی کا ہدف صرف ہماری محنتی، سرشار اور پرعزم افرادی قوت کی بدولت ہی حاصل ہوسکتا ہے۔

بقیہ 21

کہا کہ اتحادی حکومت کی حکمتِ عملی ملک بچانے کی ہے

بقیہ 22

سروسز پنجاب' میڈیکل اینڈ ہیلتھ انسٹی ٹیوٹ کے سربراہان' ٹیچنگ ہسپتالوں کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹس' چیف ایگزیکٹو آفیسرز ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹیز' پروگرام منیجرز' پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ' ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور ایم ایس انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی ہسپتالوں کو کہا گیا ہے کہ پنجاب سول سروسٹس کے تحت بھرتی ہونیوالے 1344 w سینئر میڈیکل آفیسرز کی ابتدائی لسٹ جاری کر دی گئی ہے اور جو کہ پرائمری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے اور پنجاب بھر کے سینئر میڈیکل آفیسرز لسٹ کو چیک کریں اور اگر کسی کو اعتراض ہو تو وہ 15 یوم کے اندر محکمہ صحت کو آگاہ کریں اور سنیارٹی لسٹ کے مطابق ایس ایم او ز کو اگلے گریڈ میں ترقی دی جائے گی

بقیہ 23

ہے، مقدمہ مہوش نامی خاتون کی مدعیت میں درج کیا گیا۔ پولیس نے سابق گورنر پنجاب کیخلاف اغوا اور بدتمیزی سمیت دیگر دفعات کے تحت ایف آئی آر درج کی گئی۔ ایف آئی آر میں خاتون نے مؤقف اختیار کیا کہ عمر سرفراز چیمہ اور تنویر صفدر کی ایما پر اغوا کرنے کی کوشش کی گئی۔ ملزمان فاروق، قدوس اور صادق نے فیصل تباہ کی، تشدد کا نشانہ بنایا اور کپڑے بھی پھاڑ دیئے۔ یاد رہے کہ ان دنوں پی ٹی آئی رہنماؤں کیخلاف مقدمات درج ہونے کا سلسلہ جاری ہے، جبکہ دو روز قبل اینٹی کرپشن نے صدر پی ٹی آئی چوہدری پرویز الٰہی کیخلاف دہشت گردی سمیت دیگر دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا تھا، تھانہ غالب مارکیٹ میں دہشت گردی اور اقدام قتل سمیت 13 دفعات کے تحت مقدمہ درج کیا گیا، آپریشن کے دوران کی گئی مزاحمت پر مقدمہ درج کیا گیا۔ پولیس نے کہا کہ مقدمے میں چوہدری پرویز الٰہی سمیت 19 افراد کو نامزد کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق اینٹی کرپشن ٹیم نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب کی گرفتاری کیلئے ان کی رہائش گاہ پر چھاپہ مارا، رہائش گاہ کے اندر موجود 40 سے 50 افراد نے پتھراؤ اور تشدد شروع کر دیا۔ چھاپہ مار ٹیم پر جلانے کی نیت سے پیٹرول بھی پھینکا گیا، پرویز الٰہی اس دوران موقع سے فرار ہو گئے، مزاحمت کرنے والے شرپسند افراد کو گرفتار کر لیا گیا جس میں سے 19 افراد کی شناخت کر لی گئی۔ جبکہ سابق وزیراعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی کے گھر ان کی گرفتاری کیلئے چھاپہ مارا گیا تھا۔ گرفتاری کیلئے اینٹی کرپشن ٹیم پنجاب پولیس، لیڈیز پولیس اہلکار اور اینٹی رائٹس فورس کے اہلکار ظہور الٰہی روڈ پر واقع چوہدری پرویز الٰہی کے گھر پہنچے تھے۔

بقیہ 24

عباس ایڈووکیٹ کے آفس تحصیل روڈ گوجر خان میں کیا گیا بارش کے باوجود کثیر تعداد میں مزدوروں اور پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے شرکت کی تقریب سے سید شبر عباس ایڈووکیٹ راجہ عمران کامی خاقان بابر کیانی نے خطاب کیا جبکہ کبیر جنجوعہ صدر پی پی پی تحصیل گوجر خان سرفراز بٹ صدر بار بر فیڈریشن راجہ امتیاز مٹھو چوہدری بلال خالق راجہ کاشف کاشی و دیگر نے شرکت کی سید شبر عباس نے کہا کہ شکاگو کے مزدوروں کی قربانیوں کی بدولت آج دنیا بھر کے مزدوروں کو حقوق حاصل ہیں پاکستان کے مزدوروں کیلئے پاکستان پیپلز پارٹی نے عملی جدوجہد کی شہید ذوالفقار علی بھٹو نے مزدوروں کیلئے یکم مئی کی چھٹی، سوشل سیکیورٹی، اولڈ ایج بینیفٹ سکیم، ورکرز ویلفیئر بورڈ، یونین کا حق، آٹھ گھنٹے کے اوقات کار لیبر کالونیاں اور دیگر اقدامات کئے مزدوروں کے ساتھ اظہار یکجہتی پاکستان پیپلز پارٹی کا خاصہ ہے شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کی طرح بلاول بھٹو زرداری بھی اسی تسلسل پر عمل پیرا ہیں اسی لئے مزدور آج بھی بھٹو زندہ ہے کا نعرہ بلند کرتے ہیں تقریب کے آخر میں دنیا میں جدوجہد کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے مزدوروں کیلئے دعا کی گئی

بقیہ 25

سجاد کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم سال 2021 سے صادق آباد پولیس کو مطلوب تھا، ایس پی راول فیصل سلیم کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گ

بقیہ 26

اخبارات کے واجبات فوری طور پر ادا کریں اب وقت آ گیا ہے کہ یہ بات واضح ہو جائے کہ ایڈیا ایجنسیز کی رجسٹریشن اور اخبارات کی فنانشل سیکورٹی کو زیر بحث لایہ جاے اور سیکورٹی ان خیالات کا اظہار آل پاکستان رجسٹرل نیوز پیپرز سوسائٹی APRNS کے مرکزی صدر غلام نقضی جٹ، جنرل سیکرٹری احسان احمد سحر، ناب صدر محمد سہیل گنگوہی، سیکرٹری کو آرڈینیشن قیصر محمود ڈار، فنانس سیکرٹری رخشندہ چوہدری، مرکزی کو آرڈینیٹر پروفیسر عابد علی جوہر، مرکزی ڈپٹی کو آرڈینیٹر شاہد بشیر چیمہ کور کمیٹی کے چیرمین مخدوم سید گل جہانیاں، سوشل میڈیا کمیٹی کے چیرمین گلزار چوہان، مرکزی ترجمان کمال عبدالجمیل ،صوبہ بلوچستان کے ترجمان اسرار محمد کھیتران، صوبہ سندھ کے ترجمان رب نواز کمالانی، صوبہ پنجاب کے ترجمان شمعون مرزا، kpk کے ترجمان حکمت یار خان اور دیگر ذمہ داران نے پنجاب، سندھ، kpk میں اور وفاق میں موجود ایڈیا ایجنسیز کے مالکان سے مطالبہ کیا ہے

بقیہ 27

لاکھ کو بے روزگار کرنے والا گاڑی سے باہر نہیں نکل سکتا۔

بقیہ 28

کسی بھی اجتماع کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ اسلام آباد میں دفعہ 144 پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، جبکہ دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ پولیس کے ساتھ 1 ہزار ایف سی اہل

IMF کی آئندہ مالی سال کیلئے ایف بی آر کیساتھ ریونیو اہداف پر مشاورت

ذرائع کے مطابق حالیہ منی بجٹ کو نئے بجٹ میں ضم کرنے سے 680 ارب روپے کے ٹیکسز کا بوجھ عوام پر منتقل ہوگا

آئندہ بجٹ میں ایف بی آر ریونیو ٹارگٹ 9800 ارب سے زائد کی تجویز ہے، اہداف میں 2100 روپے اضافے کی تجویز ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) آئی ایم ایف کی آئندہ مالی سال کیلئے ایف بی آر کے ساتھ ریونیو اہداف پر مشاورت جاری ہے۔ میڈیا نے ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا ہے کہ آئندہ بجٹ میں ایف بی آر ریونیو ٹارگٹ 9800 ارب سے زائد کی تجویز ہے جبکہ ایف بی آر ٹیکس اہداف میں 2100 روپے اضافے کی تجویز ہے۔ مراعات یافتہ طبقے کیلئے ٹیکس کی چھوٹ مزید محدود کرنے کی تجویز ہے۔ ذرائع کے مطابق حالیہ منی بجٹ کو نئے بجٹ میں ضم کرنے سے 680 ارب روپے کے ٹیکسز کا بوجھ عوام پر منتقل ہو گا، آئندہ بجٹ میں ٹیکس آمدن مہنگائی کے تناسب سے بڑھانے کی تجویز ہے۔ آئی ایم ایف اور ایف بی آر کے درمیان ریونیو اہداف پر مزید بات چیت جاری ہے۔ دوسری جانب آئندہ مالی سال 2023-24 کے وفاقی بجٹ میں دکانداروں پر ٹیکس عائد (بقیہ نمبر 31)



اسلام آباد: پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلیوں کی بحالی کی درخواست پر اعتراض عائد

پیپلز پارٹی کے روٹی کپڑا اور مکان کے منشور پر عمل کیا، فیصل کریم کنڈی

جماعت اسلامی نے عوام کو جنت کے خواب دکھا کر اپنے مقاصد پورے کرنے کیلئے ایندھن بنایا، ترجمان پیپلز پارٹی

پیپلز پارٹی نے پاکستان کے تمام شہریوں کو پاسپورٹ بنوانے کا حق دیا، آج دنیا بھر میں پاکستانی آباد ہیں یہ ہے روٹی کپڑا اور مکان کے وعدے کی تکمیل

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزیر مملکت فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے روٹی کپڑا اور مکان کا منشور دیا اور منشور پر عمل بھی کیا۔ سراج الحق کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے پیپلز پارٹی کے ترجمان فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ جماعت اسلامی نے عوام کو جنت کے خواب دکھا کر اپنے مقاصد پورے کرنے کیلئے ایندھن بنایا، پیپلز پارٹی نے پاکستان کے تمام شہریوں کو پاسپورٹ بنوانے کا حق دیا، آج دنیا بھر میں پاکستانی آباد ہیں یہ ہے روٹی کپڑا اور مکان کے وعدے کی تکمیل۔ وزیر مملکت فیصل کریم کنڈی نے مزید کہا ہے کہ سراج الحق جاگیرداروں پر تنقید کرتے ہیں سرمایہ داروں پر کیوں نہیں، دوسروں کے بچوں کو جہاد کا ایندھن بنانے والوں نے اپنے بچوں کا مستقبل محفوظ کیا، پیپلز پارٹی جب بھی اقتدار میں آئی عوام کو روزگار فراہم کیا ہے۔

اسلام آباد: قومی اسمبلی اجلاس تبدیل شدہ شیڈول کے مطابق کل سہ پہر 4 بجے ہوگا

ڈاکٹر جاوید اکرم کیمقامی ہوٹل میں عالمی یوم مزدور تقریب میں شرکت

خصوصی تقریب میں، گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

عالمی یوم مزدور کے موقع پر بہترین تقریب کے انعقاد پر منتظمین کی کاوش کو سراہتے ہیں

لاہور (اسپیشل رپورٹر) نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے مقامی ہوٹل میں عالمی یوم مزدور کی مناسبت سے منعقدہ تقریب میں بطور گیسٹ آف آنر شرکت کی۔ گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر نگران صوبائی وزیر ہاسنگ سید اظفر علی ناصر بھی موجود تھے۔ تقریب میں سیکرٹری اوقاف سید طاہر رضا بخاری، خطیب بادشاہی مسجد مولانا عبدالخبیر آزاد، لیبر یونینز کے نمائندگان ودیگر مرد وخواتین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ نگران صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید (بقیہ نمبر 32)

مظفر گڑھ: پیپلز پارٹی نے مسلم لیگ)ن (اور تحریک انصاف کی اہم وکٹیں اڑا دیں

تحریک انصاف، پارٹی ٹکٹ واپس لیے جانے پر کارکن پھٹ پڑے

ٹکٹوں کی تقسیم کے معاملے میں لال حویلی کی مداخلت پر شدید غصے کا اظہار کیا گیا

کارکنوں نے الزام عائد کیا عارف عباسی کی کرپشن سامنے آنے پر اسے آر ڈی اے سے ہٹایا گیا تھا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے امیدواروں سے پارٹی ٹکٹ واپس لیے جانے پر کارکن پھٹ پڑے۔ رپورٹ کے مطابق صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی پی 11 کے سابق امیدوار چوہدری عدنان سے ٹکٹ واپس لئے جانے کے بعد انہوں نے ورکرز کنونشن میں اپنی قیادت پر بدعنوانی کے الزامات عائد کر دئے۔ پی ٹی آئی راولپنڈی کی قیادت کی جانب سے ٹکٹوں کی تقسیم کے معاملے میں لال حویلی کی مداخلت پر شدید غصے کا اظہار کیا گیا۔ کارکنوں نے مطالبہ کیا کہ ہمیں کسی بھی حلقے میں لال (بقیہ نمبر 33)

ڈولفن وپی آر یو کی ہفتہ وار کارکردگی رپورٹ جاری کردی گئی

لاہور (نیوز رپورٹر) ایس پی ڈولفن زوہیب نصر اللہ رانجھا نے ڈولفن سکواڈ اور پی آر یو کی گزشتہ ہفتے کی کارکردگی رپورٹ سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ہیلپ لائن پر موصول 1488 کالز پر فوری ریسپانس عمل میں لایا گیا۔ شاپ اینڈ سرچنگ کے دوران 9312 سے زائد اشخاص کی چیکنگ عمل میں لائی گئی جبکہ چوری وڈکیتی کی وارداتوں (بقیہ نمبر 37)

محنت کش معاشرے اور معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں، فریال تالپور

محنت کشوں کی حمایت سے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی کامیابی نوشتہ دیوار ہے

کراچی (جنرل رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی شعبہ خواتین کی مرکزی صدر اور ایم پی اے فریال تالپور نے کہا ہے کہ محنت کش معاشرے اور معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس کی جانب سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے عالمی یوم مزدور پر اپنے پیغام میں کہا کہ مزدوروں اور کسانوں کی زندگیوں میں بہتری لانے کے لیے بطور قوم ہمیں بہت کام کرنے کی ضرورت ہے، اس پر کوئی دو رائے نہیں کہ پیپلز پارٹی نے ملک میں محنت کشوں کے لیے ہمیشہ کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہید بینظیر (بقیہ نمبر 38)

وادی نیلم میں سیاحوں کی جیپ دریا میں گر گئی، متعدد افراد ڈوب گئے

2 افراد کی لاشیں تلاش کر لی گئیں، ڈوبنے والے دیگر 8 افراد کے زندہ بچ جانے کا امکان نہیں

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وادی نیلم میں سیاحوں کی جیپ دریا میں گر گئی۔ افسوسناک واقعے کے نتیجے میں 10 افراد ڈوب گئے جن میں سے دو کی لاشیں بھی تلاش کر لی گئی ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سیاحوں کی جیپ کو حادثہ بالائی وادی کی تحصیل شاردہ کے گاؤں پھلاوئی کے مقام پر پیش آیا۔ واقعے کے نتیجے میں ڈوبنے والوں میں سے آٹھ افراد کی لاشوں کی تلاش ابھی بھی جاری ہے۔ تاوبٹ سے واپس آنے والی جیپ کو حادثہ رات ساڑھے آٹھ بجے کے قریب پیش آیا تھا۔ پولیس کے مطابق جیپ (بقیہ نمبر 34)

ماہرین فلکیات نے حج اور عیدالاضحیٰ کی تاریخ سے متعلق پیشگوئی کردی

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) مصر میں قومی ادارہ برائے فلکیاتی تحقیق کے تیار کردہ فلکیاتی کیلنڈر میں ماہ ذی الحجہ کے چاند کی پیدائش کی متوقع تاریخ کا اعلان کر دیا گیا۔ ماہرین فلکیات کے مطابق ذی الحجہ کے چاند کی پیدائش اتوار 29 ذی القعدہ 1444 بمطابق 18 جون 2023 کو نگلشن کے فوراً بعد مکہ اور قاہرہ کے وقت کے مطابق ٹھیک 6 بج کر (بقیہ نمبر 35)

پوٹھوہار ڈویژن پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کارروائیاں

آٹے سے لدی 05 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 3720 تھیلے آٹا برآمد

غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی، ایس پی پوٹھوہار

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) پوٹھوہار ڈویژن پولیس اور محکمہ فوڈ کی مشترکہ کارروائیاں، آٹے سے لدی 05 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام، 3720 تھیلے آٹا برآمد، 05 ڈرائیور گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق پوٹھوہار ڈویژن پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کارروائیاں کرتے ہوئے آٹے سے لدی 05 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی، واہ کینٹ پولیس نے ڈرائیوروں سجاد، مشتاق اور سرفراز کو گرفتار کر کے 1620 تھیلے آٹا برآمد کیا، نصیر آباد پولیس نے ڈرائیوروں زاہد اور رحیم خان کو گرفتار کر کے 2100 تھیلے آٹا برآمد کیا، ایس پی پوٹھوہار کا کہنا تھا کہ غیر قانونی گندم اور آٹے کی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔ ، 3720 تھیلے آٹا برآمد، 05 ڈرائیور گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق پوٹھوہار ڈویژن پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کارروائیاں کرتے ہوئے آٹے سے لدی 05 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، واہ کینٹ پولیس نے ڈرائیوروں سجاد، مشتاق اور سرفراز کو گرفتار کر کے 1620 تھیلے (بقیہ نمبر 36)

ایس ایم تنویر کا صوبائی وزیر، کے ہمراہ ویٹرنری ریسرچ انسٹیٹیوٹ کینٹ کا دورہ

محکمہ لائیوسٹاک جامع روڈ پر عمل کرے، حکومت تعاون کرے گی، صوبائی وزرا

لائیوسٹاک سیکٹر میں کارپوریٹ ماڈل بارے رجحان سازی گیم چینجر ثابت ہوگی، ایس ایم تنویر

لاہور (خصوصی رپورٹر) صوبائی وزیر صنعت و تجارت وتوانائی ایس ایم تنویر نے صوبائی وزیر ایکسائز بلال افضل کے ہمراہ ویٹرنری ریسرچ انسٹیٹیوٹ کینٹ کا دورہ کیا اور ادارے کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا، اس موقع پر صوبائی وزرا نے بریفنگ اجلاس کی صدارت کی۔ سیکرٹری لائیوسٹاک محمد مسعود انور نے محکمہ لائیوسٹاک بارے تفصیلی بریفنگ دی، صوبائی وزرا کو ویکسینیشن، ڈیزیز کنٹرول، اینیمل نیوٹریشن اور بریڈ امپروومنٹ بارے روڈ میپ سے آگاہ کیا گیا، صوبائی وزرا نے لائیوسٹاک سیکٹر کے فروغ کے لئے تحکمانہ اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ 11 92 ورچوئل گورننس اور ڈیزیز رپورٹنگ وسرویلنس سسٹمز جدت اور انتظامی مہارت کے عملی ثبوت ہیں۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت وتوانائی ایس ایم تنویر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شعبہ لائیوسٹاک معاشی خوشحالی اور غربت میں کمی لانے کیلئے حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ پولٹری مصنوعات کی قیمتوں میں استحکام کیلئے خام اجناس کی مقامی (بقیہ نمبر 39)

ڈی پی او سید محمد عباس کا شہریوں کی طرف سے ایمرجنسی کی صورت میں پکار 15 کی کالز پر فوری ریسپانس کرنے کی ہدایت

بہاولپور (جنرل رپورٹر) ڈی پی او سید محمد عباس کا شہریوں کی طرف سے ایمرجنسی کی صورت میں پکار 15 کی کالز پر فوری ریسپانس کرنے کی ہدایت، تمام شہریوں کی سیکیورٹی ہمارے لیے یکساں ہیں، ان کی جان ومال کی حفاظت ہمارا اولین فرض ہے۔ شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں، سستی ولاپرواہی ہرگز برداشت نہیں، ڈی پی او تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں شہریوں کی طرف سے ایمرجنسی (بقیہ نمبر 40)

سندھ حکومت مزدوروں کے معیار زندگی کو بلند کرنے کے لئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہیں، سید مراد علی شاہ

کراچی (اسپیشل رپورٹر) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ سندھ حکومت مزدوروں کے معیار زندگی کو بلند کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہیں۔ یہ بات انہوں نے مزدوروں کے عالمی دن کے موقع پر جاری پیغام میں کہی ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ آج کا دن محنت کشوں اور ان کے حقوق کو اجاگر کرنے کا دن ہے، محنت کشوں کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے اس ملک کی تعمیر وترقی میں حصہ ڈالا (بقیہ نمبر 41)

الیکشن کمیشن عہدیدار کا چیف الیکشن کمشنر کے خلاف سپریم جوڈیشل کونسل سے رجوع کرنے کا فیصلہ

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) فیصل آباد میں ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کی حیثیت سے فرائض سرانجام دینے والے الیکشن کمیشن آف پاکستان کے ایک عہدیدار نے انتظامی اختیارات کے ناجائز استعمال پر الیکشن کمیشن آف پاکستان کے سربراہ سکندر سلطان راجا کو ہٹانے کے لیے سپریم جوڈیشل کونسل سے رجوع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق الیکشن کمیشن میں ''باہر کے لوگوں'' کی حکمرانی (بقیہ نمبر 42)

مذاکرات نیک نیتی سے ہو رہے ہیں تو گرفتاریاں نہیں ہونی چاہئیں، اسد عمر

کل رات بھی اسلام آباد میں گرفتاریاں کی گئیں، یہ کام مذاکرات کیلئے سنجیدہ لوگ نہیں کرتے، جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی

خواجہ آصف کو مذاکرات پر اعتراض ہے تو اپنی جماعت کو بتائیں، مذاکرات میں نہ بیٹھیں کسی نے زبردستی تو نہیں کی

لاہور: تحریک انصاف کی مزدور ریلی ناصر باغ پہنچ کر ختم، کارکنوں کی بڑی تعداد میں شرکت

لاہور (نامہ نگار) اسد عمر کا کہنا ہے کہ مذاکرات اگر نیک نیتی سے ہو رہے ہیں تو گرفتاریاں نہیں ہونی چاہئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری اسد عمر نے کہا ہے کہ آئین کے دفاع کیلئے پوری قوم کو باہر نکلنا ہوگا، چوہدری پرویز الٰہی کے گھر حملہ کیا گیا، علی امین گنڈا پور کو ضمانت منظور ہونے کے باوجود حراست میں رکھا گیا، کل رات بھی اسلام آباد میں گرفتاریاں کی گئیں، یہ سارے کام مذاکرات کیلئے سنجیدہ لوگ نہیں کرتے۔ قبل ازیں وائس چیئرمین تحریک انصاف شاہ محمود قریشی نے نجی ٹی وی چینل سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ خواجہ آصف کو مذاکرات پر اعتراض ہے تو اپنی جماعت کو (بقیہ نمبر 43)

ایس ایچ او تھانہ بنی عمر صدیق گجر کی زیر نگرانی، تھانہ بنی

پولیس کی کارروائی، آن لائن کرکٹ میچوں پر جوا کھیلنے والے 03 ملزمان گرفتار، 780 روپیہ اور موبائل فون برآمد

(عبدالرحمان سے) تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ بنی عمر صدیق گجر کی زیر نگرانی بنی پولیس کی کارروائی آن لائن کرکٹ میچوں پر جوا کھیلنے والے 03 ملزمان گرفتار دا پر لگی رقم 55 ہزار 780 روپیہ اور موبائل فون برآمد، گرفتار ملزمان میں شاہ زیب، عمران حفیظ اور جنید شامل ملزمان آن لائن ایپس کے ذریعے مخصوص گاہکوں کے ساتھ جوا کھیلتے تھے، ایس پی راول فیصل سلیم (بقیہ نمبر 44)

راولپنڈی: آن لائن کرکٹ میچوں پر جوا کھیلنے والے ملزمان بنی پولیس کی حراست میں

ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کا جدید آئی ٹی سہولیات کے استعمال پر زور

بہاولپور (جنرل رپورٹر) ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کا جدید آئی ٹی سہولیات کے استعمال پر زور۔ پولیس انفارمیشن ٹیکنالوجی لیب کی طرف سے ماہ اپریل 2023 میں ای گیجٹ (بقیہ نمبر 45)

لاہور میں زیادتی کے بعد لڑکی کو نیم بیہوشی کی حالت میں سڑک پر پھینک دیا گیا

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور میں زیادتی کے بعد لڑکی کو سڑک پر پھینک دیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لاہور کے علاقے کاہنہ میں انتہائی افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں پر نامعلوم افراد مبینہ زیادتی کے بعد لڑکی کو نیم بیہوشی کی حالت میں سڑک پر پھینک کر فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق متاثرہ لڑکی کا کہنا ہے کہ لڑکی کو جھیڈو گاؤں کے قریب سڑک (بقیہ نمبر 47)

راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں

06 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن اور گولیاں برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، 06 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن اور گولیاں برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے ملزم مبشر سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم ولید سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ایئر پورٹ پولیس نے ملزم شہریار سے 01 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، رواث پولیس نے ملزم امیر افضل سے 01 رائفل 12 بور معہ ایمونیشن، کہوٹہ پولیس نے ملزم عرفان سے 25 روند پسٹل 30 بور معہ، ملزم دانش خالق سے 14 روند پسٹل 30 بور برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات (بقیہ نمبر 46)

راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں

04 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج، راولپنڈی پولیس

راولپنڈی (خبر نگار) راولپنڈی پولیس کی منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں، 04 ملزمان گرفتار، چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے 02 ملزمان وقاص اور کبیر کو گرفتار کرلیا، ملزم وقاص سے 01 کلو 400 گرام چرس، ملزم کبیر سے 10 لیٹر شراب برآمد ہوئی، صدر بیرونی پولیس نے ملزم دانش عزیز کو گرفتار کر کے ملزم سے 02 لیٹر شراب برآمد کی، کلر سیداں پولیس نے ملزم شاہ رخ کو گرفتار کرلیا، ملزم سے 05 لیٹر شراب برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ایس ایس پی آپریشنز کیپٹن (ر) محمد عامر خان نیازی کا کہنا تھا کہ منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کریک ڈاؤن میں تیزی لائی جائے گی۔ ملزم وقاص سے 01 کلو 400 گرام چرس، ملزم کبیر سے 10 لیٹر شراب برآمد ہوئی، صدر بیرونی پولیس نے ملزم دانش عزیز کو گرفتار کر کے ملزم سے 02 لیٹر شراب (بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد: پاکستان اور روس کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ

رحیم یار خان، راجن پور، کچہ کے علاقے میں پنجاب پولیس کا آپریشن جاری ہے، ترجمان

فائرنگ کے تبادلے میں متعدد مجرمان کو گرفتار کیا گیا ہے جبکہ دیگر پسپائی اختیار کر کے فرار ہونے پر مجبور ہو گئے ہیں

رحیم یار خان میں عرفان خان مزاری کیمپ، راجن پور میں افضل لاٹھانی کیمپ، فریدا کوکانی کیمپ اور سدوانی کیمپ قائم کئے گئے ہیں

کچہ کے داخلی وخارجی راستوں پر چیکنگ شروع کردی گئی ہے جبکہ اہم مقامات پر اوپی پوسٹس قائم کر کے سنائپرز تعینات کردیئے ہیں

لاہور (جنرل رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس کا رحیم یار خان اور راجن پور میں کچہ کریمینلز کے خلاف آپریشن جاری ہے اور اس سلسلے میں پولیس ٹیموں نے ٹارگٹڈ کارروائیاں کرتے ہوئے خطرناک مجرموں کی کمین گاہوں کا خاتمہ کردیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب پولیس کے جانبازوں نے اب تک کچہ کے علاقوں سے سات خطرناک مجرمان نذیر لاٹھانی، ارشاد لاٹھانی، شبیر لاٹھانی، فریدا کوکانی، اسحاق جھوبرا سکھانی، عبداللہ سکھانی اور حافظ مہر دین سکھانی کی کمین گاہوں کو نذر آتش کردیا ہے۔ فائرنگ کے تبادلے میں متعدد مجرمان کو گرفتار کیا گیا ہے جبکہ دیگر پسپائی اختیار کر کے فرار ہونے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ پنجاب پولیس کی ٹیموں نے کچہ ایریا میں مجرمان کی کمین گاہوں کو ختم کر کے متعدد کیمپس بھی قائم کر لئے ہیں۔ رحیم یار خان میں عرفان خان مزاری کیمپ، راجن پور میں افضل لاٹھانی کیمپ، فریدا کوکانی کیمپ اور سدوانی کیمپ قائم کئے گئے ہیں جہاں سے مزید کارروائیاں عمل (بقیہ نمبر 49)

ورکرز یونین (CBA) ڈگری مرکزی وصوبائی قائدین کی ہدایت

مزدور ڈے پر 1886 شکاگو کے جان نثاروں کی یاد ہائیڈ رو یونین رہنما نے خطاب کیا

جاوید حیات لالہ اعجاز نے شکاگو کے جان نثاروں شہیدوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک ورکرز یونین (CBA) ڈگری مرکزی وصوبائی قائدین کی ہدایت پر مورخہ 1 مئی عالمی یوم مزدور ڈے پر 1886 شکاگو کے جان نثاروں کی یاد ہائیڈرو یونین رہنما نے خطاب کیا ڈویژنل چیئرمین میر حسن خان قائم خانی سب ڈویژن سیکرٹری غلام حیدر خاصخیلی جوائنٹ سیکریٹری میر حبیب اللہ ناہلور ڈویژنل پوتھ چیئرمین فیصل حیات قاکھانی حاجی ارشد عامر آرائیں عمران صدیق آرائیں جاوید حیات لالہ اعجاز نے شکاگو کے جان نثاروں شہیدوں کو زبردست خراج تحسین پیش اور (بقیہ نمبر 52)

سوات کے کڈنی اسپتال کو دوبارہ نواز شریف کے نام سے منسوب کرنے کا فیصلہ، کام شروع

سوات (جنرل رپورٹر) سوات میں کڈنی اسپتال کو دوبارہ نواز شریف کے نام سے منسوب کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، محکمہ صحت خیبر پختونخوا نے نام کی تبدیلی سے متعلق کام شروع کردیا۔ محکمہ صحت ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا کی نگران حکومت نے سوات میں کڈنی ہسپتال کو دوبارہ نواز شریف کے نام سے منسوب کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 51)

ہاؤسنگ سوسائٹی میں گزشتہ روز سیکورٹی گارڈ کے قتل کے معاملہ میں اہم پیشرفت

ائیر پورٹ پولیس نے واقعہ میں ملوث دوسرا ملزم بھی 24 گھنٹے میں گرفتار کرلیا

ملزم کی شناخت اسماعیل کے نام سے ہوئی جو منشیات کے مقدمہ میں ریکارڈ یافتہ ہے

راولپنڈی (جنرل رپورٹر) نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں گزشتہ روز سیکورٹی گارڈ کے قتل کے معاملہ میں اہم پیشرفت، ائیر پورٹ پولیس نے واقعہ میں ملوث دوسرا ملزم بھی 24 گھنٹے میں گرفتار کرلیا، ملزم کی شناخت اسماعیل کے نام سے ہوئی جو منشیات کے مقدمہ میں ریکارڈ یافتہ ہے، ملزم اسماعیل کا ساتھی نبیل گزشتہ روز موقعہ سے ہی گرفتار کرلیا گیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں گزشتہ روز سیکورٹی گارڈ کے قتل کے معاملہ میں اہم پیشرفت کرتے ہوئے ائیر پورٹ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے دوسرا ملزم کو 24 گھنٹے میں گرفتار کرلیا، ملزم کی شناخت اسماعیل کے نام سے (بقیہ نمبر 50)

ڈائیلاگ آصف زرداری اور بلاول بھٹو کا ورثہ ہے، چوہدری وقار حاکم علی

پاکستان پیپلز پارٹی 1973 کی خالق ہے اس کی ابیاری ہماری ذمہ داری ہے

رائیونڈ (نیوز رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی پی پی حلقہ 182 کے امیدوار چوہدری وقار حاکم علی نے کہا کہ پیپلز پارٹی پنجاب میں مقبول ہو رہی ہے پی ٹی آئی رہنماء عمران نیازی کی بھلاہٹ سے تنگ آکر پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت پر اعتماد کرتے ہوئے پی پی کے پلیٹ فارم پر متحد ہو رہے ہیں وہ ان خیالات کا اظہار ایک انتخابی مہم میں کر رہے تھے، انہوں نے مزید کہا کہ (بقیہ نمبر 58)

پشاور: مزدوروں کے دن خیبر پختونخوا حکومت کا مزدور دشمن فیصلہ

پیپلز پارٹی نے مزدور طبقہ کیلئے جو خدمات انجام دیئے وہ تاریخ کا حصہ ہیں، جمیل منج

مانگا منڈی (نیوز رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما جنرل سیکرٹری لاہور جمیل منج نے یوم مئی کے موقع پر محنت کشوں کے نام اپنے ایک پیغام اور بیان میں کہا ہے کہ پیپلز پارٹی محنت کشوں کی فلاح وبہبود اور ان کی انقلابی جدوجہد کی کامیابی (بقیہ نمبر 57)

غیر معیاری خوراک کے باعث پاکستان میں 17 ملین سے زائد افراد گردے کی بیماری کا شکار ہیں

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان میں ایک سروے کے مطابق ہر دسواں شخص گردوں کی بیماری کا شکار ہے گردوں کے مرض کی اہم وجوہات میں شوگر، بلڈ پریشر اور درد کی ادویات کا استعمال شامل ہے گردے کے مریضوں کو زندہ (بقیہ نمبر 59)

پنجاب ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ کی کاشتکاروں کو گندم کٹائی سیزن میں آگ سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پنجاب ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے کاشتکاروں کو گندم کٹائی سیزن میں آگ سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے۔ پنجاب ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ راولپنڈی (ریسکیو 1122) (بقیہ نمبر 56)

سوشل میڈیا پر دوستی، بھارتی نوجوان دلہن بیاہنے پاکستان پہنچ گیا

جوڑے کی شادی کی تقریب دھوم دھام سے منعقد کی گئی، تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں

سکھر (جنرل رپورٹر) سوشل میڈیا پر دوستی کے بعد محبت میں گرفتار ہونے کے بعد حقیقی زندگی میں شادی کرنے کے کئی واقعات ماضی میں دیکھنے میں آئے۔ جب لندن، جرمنی، امریکا اور پولینڈ سمیت مختلف ممالک کی خواتین پاکستانی لڑکوں کی محبت میں گرفتار ہو کر یہاں پہنچیں اور پھر شادی رچالی۔ تاہم اس بار ہمسایہ ملک بھارت کا ایک شہری پاکستانی لڑکی پر فدا ہو گیا۔ رپورٹ کے مطابق سوشل میڈیا پر ہونے والی دوستی محبت میں بدل گئی جس نے دو ممالک کے لوگوں کو ایک کر دیا۔ بھارتی لڑکا مہندر (بقیہ نمبر 60)

ملک کے محنت کش پیپلز پارٹی کا قابل فخر اثاثہ ہیں، شرجیل میمن

شرجیل میمن کا کہنا ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو نے ملک کی پہلی مزدور پالیسی دے کر محنت کشوں کو تحفظ فراہم کیا

سندھ حکومت نے محنت کشوں کے لیے بینظیر بھٹو مزدور کارڈ کا اجرا کیا، سندھ حکومت نے گھریلو ملازمین کے تحفظ کے لیے قانون سازی کی، صوبائی وزیر

کراچی (جنرل رپورٹر) وزیر اطلاعات سندھ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ ملک محنت کش پیپلز پارٹی کا قابل فخر اثاثہ ہیں۔ محنتوں کشوں کے عالمی دن پر جاری کیے گئے بیان میں شرجیل میمن نے کہا کہ محنت کشوں کی بہتری کے لیے جو پالیسیاں بنیں اس کا سہرا پیپلز پارٹی کے سر ہے۔ شرجیل میمن کا کہنا ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو نے ملک کی پہلی مزدور پالیسی دے کر محنت کشوں کو تحفظ فراہم کیا۔ انہوں نے کہا کہ اٹھارویں ترمیم کے تحت سندھ حکومت نے اہم قانون سازی کی ہے، زراعت کے شعبے میں کام کرنے والی خواتین کو تحفظ فراہم کیا ہے۔ صوبائی وزیر کا کہنا ہے کہ سندھ حکوم